http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | منگل 25 اگست 2026ء، 11 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 350
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایرانی صدر و اسپیکر سے ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

پزشکیان، باقر قالیباف، عباس عراقچی، اسکندر مومنی سے ملاقاتوں میں، علاقائی امن اور تنازعات کے مذاکرات کے ذریعے حل کی راہوں پر غور

ایرانی قیادت نے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور تنازع کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور مخلصانہ کوششوں کو سراہا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کھلنے کے معاملے پر چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے وزیر داخلہ محسن نقوی کے ہمراہ اسلامی جمہوریہ ایران کا ایک روزہ دورہ مکمل کر لیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل کا وزیر داخلہ کے ہمراہ کیا جانے والا یہ دورہ امریکہ، ایران تنازع کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کا حصہ تھا۔ اعلامیے کے مطابق دورے کا مقصد تعطل ختم کرنے، کشیدگی میں کمی اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کی راہ ہموار کرنا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان، سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل میں سپریم لیڈر کے نمائندے محسن رضائی، ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف، وزیر خارجہ سید عباس عراقچی اور وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے، آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے اور تنازع کے فوری خاتمے کے اقدامات پر جامع تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ دونوں جانب سے علاقائی امن اور تنازعات کے مذاکرات کے ذریعے حل کی راہوں پر بھی غور کیا گیا۔ ایرانی قیادت نے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور تنازع کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار اور مخلصانہ کوششوں کو سراہا۔ ایران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف نیشنل اولیو چین پالیسی کا اجراء کررہے ہیں

موڈیز نے پاکستان کی طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ بڑھا کر B3 کر دی
یہ عالمی اعتماد کا مظہر ہے، شہباز شریف

زرمبادلہ ذخائر میں نمایاں اضافہ، مقامی قرض کے اخراجات میں کمی نے حکومت کی مالیاتی پوزیشن کو بہتر بنانے میں کردار ادا کیا

حکومت نے معیشت کو مستحکم کرنے اور بیرونی شعبے میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (صباح نیوز) عالمی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے پاکستان کی طویل مدتی کریڈٹ ریٹنگ Caa1 سے بڑھا کر B3 کر دی ہے اور ملک کا آؤٹ لک مستحکم برقرار رکھا ہے۔ موڈیز کے مطابق ریٹنگ میں بہتری پاکستان میں گورننس کی بہتری، معاشی استحکام کے تسلسل اور بیرونی مالیاتی پوزیشن مضبوط ہونے کی عکاسی کرتی ہے۔ ریٹنگ ایجنسی نے کہا ہے کہ پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

صدر سے چینی وفد کی ملاقات، کیٹی بندر پورٹ کیلئے تصوراتی ماسٹر پلان پیش

کیٹی بندر پورٹ ایک اضافی میری ٹائم گیٹ وے کے طور پر قابل ذکر صلاحیت رکھتا ہے، لاجسٹک نیٹ ورک کو مضبوط بنا سکتا ہے

چینی فریق اور متعلقہ پاکستانی حکام کے درمیان قریبی تکنیکی ہم آہنگی ضروری ہے، آصف علی زرداری کی وفد سے گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیٹی بندر پورٹ کی مجوزہ ترقی کے لیے ایک مربوط نقطہ نظر پر زور دیا ہے، اس بات پر زور دیا ہے کہ اس منصوبے کو قابل اعتماد سڑک کنیکٹیویٹی، بجلی اور پانی کی فراہمی، صنعتی انفراسٹرکچر اور دیگر ضروری سہولیات سے تعاون حاصل ہونا چاہیے۔ صدر چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی کی طرف سے کیٹی بندر پورٹ کی مجوزہ ترقی کے بارے میں ایک پریزنٹیشن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

تہران، فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران کے دورہ پر ایرانی صدر پزشکیان سے ملاقات کررہے ہیں

متحدہ اپوزیشن کا مشترکہ اجلاس، مہنگائی، پیٹرولیم مصنوعات پر حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ

تمام قومی امور پر پی ٹی آئی، جے یو آئی، ایم ڈبلیو ایم، پی کے میپ اور سنی اتحاد کونسل یک زبان ہونگی، کسی پارلیمانی بزنس کی حمایت یا مخالفت کا فیصلہ اپوزیشن کا مشترکہ ہوگا

یہ اتحاد پاکستان کی کھوئی ہوئی عظمت کو واپس دلانے میں کردار ادا کرے گا، محمود اچکزئی: معاملات باہمی اتفاق رائے سے طے پائیں گے، مولانا فضل الرحمن کی گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کے پہلے مشترکہ اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ اپوزیشن جماعتوں کے تمام ارکان نے ایوان میں اپوزیشن اتحاد کی حمایت کر دی۔ اپوزیشن نے بیروزگاری، مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات اور یوٹیلیٹی بلز میں ریلیف کیلئے حکومت کو ٹف ٹائم دینے پر اتفاق کر لیا۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن جماعتوں نے جے یو آئی کی اپوزیشن اتحاد میں شمولیت کا خیر مقدم کیا۔ اپوزیشن اتحاد نے پارلیمنٹ میں تمام قومی امور پر متفقہ موقف اپنانے پر اتفاق کیا ہے، تمام قومی امور پر پی ٹی آئی، جے یو آئی، ایم ڈبلیو ایم، پی کے میپ اور سنی اتحاد کونسل یک زبان ہوں گی۔ کسی پارلیمانی بزنس کی حمایت یا مخالفت کا فیصلہ اپوزیشن کا مشترکہ ہوگا۔ متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کے پہلے مشترکہ اجلاس کے بعد مولانا فضل الرحمان اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمود اچکزئی نے کہا کہ آج خوشی، مبارکباد کا دن ہے، گھٹن کے ماحول میں اپوزیشن آئین کی بالادستی کیلئے متفق ہوگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق محمود اچکزئی کا کہنا تھا کہ اللہ کرے ایک باعزت جمہوری پاکستان کیلئے ہماری کوششیں رنگ لائیں، آج یہاں آزاد عدلیہ اور پاکستان کے نظام کی تشکیل نو کیلئے متحد ہیں، یہ اتحاد پاکستان کی کھوئی عظمت کو واپس دلانے میں کردار ادا کرے گا، روزانہ سینکڑوں لوگ پاکستان میں مر رہے ہیں، بیروزگاری بڑھ رہی ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طے پایا ہے معاملات باہمی اتفاق رائے سے طے پائیں گے، ملک میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش نہیں، اندر کی کمزوریوں کو چھپایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کا دورہ کررہے ہیں

2022ء کے کیسز میں التوا کی درخواست منظور کرنے میں کوئی مسئلہ نہیں، چیف جسٹس

پرانے مقدمات میں التوا نہیں دیا جائے گا، 2022 اور 2023 کے کیسز میں گنجائش موجود ہے

کیس 2023 کا ہے اس میں ہم التوا دے رہے ہیں، اس میں کوئی مسئلہ نہیں، یحییٰ خان آفریدی، بینچ نے التوا کی درخواست منظور کر لی

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی نے کہا ہے کہ ٹیکس کے پرانے کیسز میں وکلاء کی جانب سے التوا کی درخواست آتی ہے تو اسے تسلیم کرنا مشکل ہوتا ہے، 2022 کے کیسز میں التوا کی درخواست منظور کرنے میں کوئی مسئلہ نہیں۔ چیف جسٹس نے وکلاء کی جانب سے التوا کی درخواستیں دائر کرنے پر کمرہ عدالت میں موجود صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن ہارون الرشید کو روسٹرم پر طلب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ٹیکس کے معاملات 2009 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوارڈینیٹر ملاقات کررہے ہیں

سینیٹ، مختلف قوانین میں ترمیم کے 7 بل پیش، متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ اجلاس میں فاطمہ انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ملتان کے قیام کا بل پیش کر دیا گیا، بل سینیٹر عبدالقادر نے پیش کیا جسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ سینیٹ اجلاس میں سینیٹر ثمینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ سندھ کی ملاقات، سیاسی تبادلہ خیال

ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو، سیاسی رواداری اور مشاورت قائم رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی ملاقات ہوئی ہے جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مشیر وزیر اعظم رانا ثناء اللہ، وفاقی وزراء محمد اورنگزیب، اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ اور علی پرویز ملک بھی شریک تھے۔ ملاقات میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

عمانی وزیر خارجہ آج ایران کا دورہ کریں گے

تہران (صباح نیوز) ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ عمان کے وزیر خارجہ سید بدر البوسیدی آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

شنگھائی اجلاس، وزیراعظم شہباز 31 اگست کو بشکیک پہنچیں گے

روس، چین، ایران اور بھارت سمیت متعدد ممالک کے سربراہان کی شرکت متوقع

اسلام آباد (صباح نیوز) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کا سربراہی اجلاس یکم ستمبر کو کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں ہوگا، جس میں وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

آبنائے ہرمز قوانین کی خلاف ورزی پر جہاز ضبط کرینگے، ایران

مالکان کسی جہاز کو کرایہ پر لینے سے پہلے نان کمپلائنٹ ویسلز فہرست کا جائزہ ضرور لیں

تہران (آئی این پی) ایران نے شپنگ کمپنیوں کو خبردار کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں اس کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے جہازوں کو مالی جرمانے، حراست یا ضبطی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق آبنائے ہرمز کی نگرانی کرنے والے ایرانی ادارے پرشین گلف اسٹریٹ اتھارٹی نے اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں ایرانی ضوابط کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم تارڑ سے ہائی کمشنر بنگلہ دیش اقبال حسین خان ملاقات کررہے ہیں

نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو ضرور بننے چاہئیں، طارق فضل

مثبت اور صحت مند بحث کا آغاز خوش آئند پیشرفت، صوبوں کی تشکیل جیسے اہم فیصلوں پر اتفاقِ رائے انتہائی ضروری

صوبوں کا فیصلہ کسی پر زبردستی مسلط نہیں کیا جاسکتا، پارلیمنٹ میں سیر حاصل بحث ہونی چاہیے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو یہ ضرور بننے چاہئیں۔ طارق فضل چوہدری نے سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ صوبوں کی تشکیل جیسے اہم فیصلوں پر اتفاقِ رائے پیدا کرنا انتہائی ضروری ہے، یہ ایسا فیصلہ ہے جسے کسی پر زبردستی مسلط نہیں کیا جاسکتا، پارلیمنٹ میں اس پر سیر حاصل بحث ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے مثبت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

سسٹم ناکام نہیں ہوا، ڈیلیور کر رہا ہے، سپیکر ایاز صادق

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں سے معاشی صورتحال بہتر ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام نہیں ہوا، ڈیلیور کر رہا ہے، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں سے معاشی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایاز صادق نے کہا کہ سسٹم کے بارے میں بہتر فیصلہ عوام ہی کر سکتے ہیں، معاشی حالات پہلے بہت خراب ہو چکے تھے لیکن اب بہتری کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت سے جنگ جیتی، پھر ایران امریکہ ثالثی کرائی جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

فری لانسرز کی آمدنی رواں مالی سال 5.2 ارب ڈالرز تک پہنچنے کی توقع

کراچی (آئی این پی) پاکستان میں فری لانسنگ مارکیٹ تیزی سے ابھر رہی ہے اور رواں مالی سال کے دوران پاکستانی فری لانسرز کی آمدنی 5.2 ارب ڈالر سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ایران کیخلاف فوجی اور معاشی کارروائی کی جاسکتی ہے، وینس

جوہری ہتھیاروں سے روکنا مشرق وسطیٰ میں امریکی موجودگی کا بنیادی مقصد ہے

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران سے نمٹنے کے لیے امریکا کے پاس متعدد ذرائع موجود ہیں۔ ایران کے خلاف فوجی اور معاشی دونوں کارروائی کی جاسکتی ہے۔ جے ڈی وینس نے بیان میں کہا کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنا مشرق وسطیٰ میں امریکی موجودگی کا بنیادی مقصد ہے، ایران عالمی تجارتی راستے مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

کینیڈا اور پاکستان کے مابین تجارتی تعلقات میں اضافہ ہو رہا ہے، شافع حسین

پنجاب میں ملکی اور غیر ملکی صنعتکاروں کیلئے ٹیکس فری زون قائم ہیں، وزیر صنعت

ٹورنٹو (آئی این پی) پنجاب کے صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری کے وزیر چوہدری شافع حسین نے کہا ہے کہ کینیڈا اور پاکستان کے مابین تجارتی تعلقات میں اضافہ ہو رہا ہے، یہاں کے وزرا اور حکام کے ساتھ حوصلہ افزا مذاکرات ہوئے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے سلسلے میں معاہدے ہوئے ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کینیڈا کے شہر ٹورنٹو میں کینیڈا گیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے پشاور، بنوں، بہاولپور، سرگودھا، خانیوال، ملتان بارز کے وکلاء ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد، صدر آصف زرداری سے چینی کمپنی کا اعلیٰ وفد ملاقات کررہا ہے

پشین میں سڑک کی تعمیر کرنیوالے 4 مزدور قتل

جاں بحق مزدوروں کی لاشیں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس

کوئٹہ (آئی این پی) پشین کے علاقے سرانان میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے سڑک کی تعمیر کرنے والے 4 مزدور جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق سڑک کی تعمیر کرنے والے مزدوروں پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق مزدوروں کی لاشیں اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

شام کے سابق مفتی اعظم کو عمر قید کی سزا سنادی گئی

دمشق (آئی این پی) دمشق میں فوجداری عدالت نے اسد حکومت کے سابق مفتی اعظم احمد حسون کو تشدد پر بھڑکانے، قتل کو جواز فراہم کرنے اور اپنے عہدے کا غلط استعمال کرنے کے الزام میں عمر قید کی سزا سنائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

ایران پر پابندیوں سے مسائل حل نہیں ہوں گے، چین

تمام فریق سمجھ داری اور تحمل سے کام لیں، چین متعلقہ صورتِ حال کو قریب سے مانیٹر کریگا

بیجنگ (صباح نیوز) چینی وزارتِ خارجہ نے ایران کے خلاف امریکی پابندیوں کی دھمکی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پابندیاں اور دباؤ ڈالنے کے حربے مسائل کے حل میں مددگار ثابت نہیں ہوتے۔ چین کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان لین جیان کا بیجنگ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ تمام فریق سمجھ داری اور تحمل سے کام لیں۔ چین متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عوام لیٹر پیٹرول پر 130 روپے ٹیکس اور مختلف مارجنز ادا کرنے پر مجبور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں عام آدمی پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں شامل بھاری ٹیکسوں اور مارجنز کی وجہ سے شدید معاشی دباؤ کا سامنا کر رہا ہے۔ نجی ٹی وی کی موجودہ اعداد و شمار کے مطابق رپورٹ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ایران کے لیے فیصلہ کن اقدامات کیے جا رہے ہیں، امریکہ

تہران کی اہم اقتصادی شریانوں اور تجارتی راستوں پر دباؤ بڑھایا جائے گا، وزیر خزانہ

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا ہے کہ ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کیے جا رہے ہیں، تہران کی اہم اقتصادی شریانوں اور تجارتی راستوں پر دباؤ بڑھایا جائے گا تاکہ ایران کو اقتصادی طور پر مزید تنہا کیا جاسکے۔ اسکاٹ بیسنٹ نے بیان میں کہا کہ ایران پر معاشی دباؤ بڑھانے کے لیے فیصلہ کن اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پیٹرولیم لیوی کیخلاف جماعت اسلامی کے دھرنے جاری، احتجاج کا دائرہ بڑھانے پر غور

دھرنوں کا آج نواں روز ہے اور شرکا پرعزم ہیں۔ ملک بھر میں مختلف مقامات پر احتجاجی کیمپ قائم کر دیئے گئے ہیں

دھرنوں کے مقامات پر سیرت کانفرنسیں منعقد کی جائیں گی، 13 ربیع الاول کو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی جائے گی، نعیم الرحمان

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری احتجاج کو مزید وسعت دینے پر غور شروع کر دیا۔ جماعت اسلامی کے سربراہ حافظ نعیم الرحمن نے پیر کو چیئرنگ کراس مال روڈ پر دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ دھرنوں کا آج نواں روز ہے اور شرکا پرعزم ہیں۔ ملک بھر میں مختلف مقامات پر احتجاجی کیمپ قائم کر دیئے گئے ہیں جبکہ آج ہونے والی اہم مشاورت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

قانونی ورثا موجود ہوں تو اپیل خارج نہیں ہوگی، سپریم کورٹ

زیرِ سماعت مقدمے سے حاصل ہونے والے مالی یا دیگر فوائد قانونی ورثا کو منتقل ہو سکتے ہیں

لاہور (آئی این پی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرار دیا ہے کہ اپیل کنندہ کی وفات کے باوجود اگر اس کے قانونی ورثا موجود ہوں تو اپیل محض اس بنیاد پر خارج نہیں کی جاسکتی، کیونکہ زیرِ سماعت مقدمے سے حاصل ہونے والے مالی یا دیگر فوائد قانونی ورثا کو منتقل ہو سکتے ہیں۔ سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس شاہد وحید پر مشتمل دو رکنی بنچ نے ایف بی آر کے سابق ملازم عبدالحق کی اپیل پر فیصلہ سنا دیا، بنچ نے اپیل پر سماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا

گیس شعبے کا سرکلر ڈیٹ 3 ہزار 611 ارب روپے جبکہ بجلی شعبے کا سرکلر ڈیٹ ایک ہزار 675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا

بہاؤ کم کرنا پاکستان کیلئے چیلنج، توانائی کے شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ سرکلر ڈیٹ روکنے کیلئے ضروری ہے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس شعبے کا سرکلر ڈیٹ 3 ہزار 611 ارب روپے جبکہ بجلی شعبے کا سرکلر ڈیٹ ایک ہزار 675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ توانائی شعبے کے مجموعی سرکلر ڈیٹ میں گیس کے شعبے کا حصہ بجلی کے شعبے سے نمایاں زیادہ ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان کا توانائی کا شعبہ بدستور مالی دباؤ کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی ایف بی آر کے آگاہی سیشن سے خطاب کررہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ، بجلی بلوں میں تفصیل بتائے بغیر ٹیکسز وصولی روک دی

اضافی ٹیکس اور فردر ٹیکس وصول کیے جا رہے ہیں، درخواست گزار، سماعت ملتوی

پشاور (صباح نیوز) پشاور ہائیکورٹ نے بجلی بل میں تفصیل بتائے بغیر ٹیکسز وصول کرنے سے روک دیا۔ پشاور ہائیکورٹ میں بجلی کے بل میں مختلف ٹیکسز کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی جس دوران عدالت نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ بھی جاری کر دیا۔ عدالت نے درخواست گزار کے بجلی بل میں تفصیل بتائے بغیر ٹیکسز وصول کرنے سے روک دیا جبکہ اسی نوعیت کی دیگر درخواستوں کو یکجا کر کے فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالتی حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ وکیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، وفاقی وزیر سینیٹر محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور، پولیس اہلکاروں کے ٹارگٹ کلر سے روابط کا انکشاف

پولیس اہلکار اپنے یونٹس میں تعلقات استعمال کر کے ریحان کی مدد کرتے رہے، تفتیش

لاہور (آئی این پی) لاہور میں پولیس کی ٹارگٹ کلنگ اور ٹارگٹ کلرز سے روابط کے الزام کی تحقیقات کے دوران زیر حراست 2 پولیس اہلکاروں سے تفتیش میں اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ پولیس کے مطابق اہلکار اسٹریٹ کرائم میں مرکزی ٹارگٹ کلر ریحان کی پشت پناہی کرتے تھے۔ پولیس کے مطابق ٹارگٹ کلر ریحان میٹرو بس میں موبائل چوری اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

آبنائے ہرمز میں ایرانی و امریکی ناکہ بندیوں سے بحری آمد و رفت مزید محدود

تہران (آئی این پی) آبنائے ہرمز میں ایرانی اور امریکی ناکہ بندیوں کے باعث بحری آمد و رفت مزید محدود ہوگئی۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق گزشتہ روز آبنائے ہرمز سے صرف 4 بحری جہاز گزرے۔ برطانوی میری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ایران کیخلاف امریکی جنگ کے یومیہ اخراجات 5 ارب ڈالر ہو گئے

فوجی کارروائی پر 2 ارب ڈالر، بالواسطہ اخراجات مزید 3 ارب ڈالر، ہارورڈ کینیڈی

تہران (آئی این پی) سابق ایرانی نائب وزیر خارجہ نے امریکی ادارے کی رپورٹ کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کیخلاف امریکی جنگ کے اخراجات 5 ارب ڈالر روزانہ تک پہنچ چکے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے سابق نائب وزیر خارجہ نے ہارورڈ کینیڈی سکول کی رپورٹ کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے خلاف امریکی جنگ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

دیامر میں گلیشیئر پھٹنے سے مصنوعی جھیل بن گئی

کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا، مزید گلیشیئر پھٹنے کا خطرہ

دیامر (مانیٹرنگ ڈیسک) نیاٹ ویلی میں گلیشیئر پھٹنے سے مصنوعی جھیل بن گئی، کریلوگاہ میں گلیشیئر پھٹنے سے کنکوئی کے قریب اراضی زیرِ آب آگئی۔ مصنوعی جھیل بننے سے کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ مزید گلیشیئر پھٹنے کا خطرہ موجود ہے، کریلوگاہ کے گلیشیئر میں بڑے بڑے کریکس پڑ گئے جس پر مقامی آبادی میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ نیاٹ ویلی کے عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

پانچ ماہ میں خلیجی ممالک سے تقریباً 22 ہزار پاکستانی ڈی پورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ مارچ سے جولائی 2026 کے دوران تقریباً 22 ہزار پاکستانی شہری خلیجی ممالک سے ڈی پورٹ کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

روزنامہ شہرنامہ
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

مکہ مشترکہ معاہدہ، امت کا اتحاد

بنگلہ دیشی وزیراعظم کے مشیر برائے خارجہ امور ہمایوں کبیر نے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ اُن کا ملک سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ پر مشتمل کسی بھی معاشی یا دفاعی فریم ورک کا حصہ بننے کے لئے تیار (ہوسکتا) ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ بنگلہ دیش حتمی فیصلہ اپنے قومی مفادات، عالمی معیشت اور تجارتی تبدیلیوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے کرے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے ساتھ معمول کے سفارتی، تجارتی اور عوامی تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق ہمایوں کبیر نے یہ بھی بتایا کہ سعودی ولی عہد کی دعوت پر بنگلہ دیشی وزیراعظم کے دورۂ ریاض کو گرمیوں کے بعد حتمی شکل دی جائے گی۔

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں بنگلہ دیش کی شمولیت کے اشارے نے اِس اتحاد کی سٹریٹجک اہمیت کو مزید اُجاگر کر دیا ہے، اِس سے عیاں ہو رہا ہے کہ یہ پیشرفت اپنے اندر کس قدر ہمہ گیر اثرات رکھے ہوئے ہے۔ خیال رہے کہ رواں ماہ طے پانے والے اِس سہ ملکی دفاعی معاہدے کی رو سے کسی ایک ملک پر حملہ تمام اتحادی ممالک پر حملہ تصور ہوگا۔ اِس پیش رفت کے بعد اُمید کی جا رہی تھی کہ مشرقِ وسطیٰ اور جنوبی ایشیاء میں سکیورٹی کا روایتی ڈھانچہ تبدیل ہو جائے گا۔ اِس اتحاد کی بدولت ایک ایسا نیا علاقائی نظام تشکیل پا سکتا ہے جس میں سکیورٹی کا زیادہ تر دارومدار علاقائی اتحاد اور خود انحصاری پر ہو۔ بیشتر مسلم ممالک خواہ وہ مشرقِ وسطیٰ کے ہوں یا جنوبی ایشیا کے، اِس اتحاد میں شمولیت کے خواہاں ہیں کیونکہ اُنہیں شاید اِس میں اپنی سلامتی اور بقاء نظر آتی ہے۔ اِس معاہدے پر بحث مسلم دنیا تک ہی محدود نہیں بلکہ امریکی پالیسی سازوں اور جریدوں میں بھی اِس پر گفتگو ہو رہی ہے۔ امریکی جریدے فارن پالیسی اِن فوکس (ایف پی آئی ایف) نے مکہ باہمی دفاعی معاہدے کے ذریعے پاکستان کی بڑھتی ہوئی علاقائی اہمیت بیان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یہ معاہدہ پاکستان کے لئے سٹریٹجک وسعت، سفارتی اثر پذیری اور علاقائی توازن کا بہترین ذریعہ ہے۔ جریدے کے مطابق واشنگٹن میں برقرار سفارتی توازن اور امریکی صدر کی حمایت اِس بات کی عکاس ہے کہ یہ تینوں ممالک خطے کے دفاع اور پائیدار اَمن میں تعمیری کردار ادا کرنے کے عزم پر کاربند ہیں۔ جریدے نے اسے ایران مخالف بلاک کے بجائے ایک متوازن دفاعی فریم ورک قرار دیا ہے۔ حال ہی میں ایک امریکی ڈیموکریٹک سینیٹر نے بھی پاکستان کی سفارتی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے مشرقِ وسطیٰ اور مکہ معاہدے کے تناظر میں اُس کے کردار کو سراہا۔ اُن کا کہنا تھا کہ بہترین حل ہمیشہ جنگ بندی اور سفارتی مذاکرات کی بحالی میں مضمر ہوتا ہے اور پاکستان پورے مشرقِ وسطیٰ میں اَمن قائم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ یاد رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے اس اتحاد کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بڑا، دلیرانہ اور معنی خیز پہلا قدم قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ یہ مشرقِ وسطیٰ کے متحد ہونے کی علامت ہے۔ دوسری جانب اِس معاہدے نے بھارت اور اسرائیل جیسے ممالک میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔ اسرائیل میں بعض حلقے اِس معاہدے کو تشویشناک پیشرفت قرار دیتے ہوئے خاصے بے چین ہیں، اُنہیں یہ اتحاد ایک آنکھ نہیں بھا رہا اور اِسے وہ اپنے خلاف سنی اتحاد کے طور پر دیکھتے ہیں۔ بھارتی ماہرین اور تجزیہ کار اِس معاہدے کو براہِ راست اپنے مفادات کے خلاف سمجھ رہے ہیں۔ بھارت میں اِس بات پر شدید بحث جاری ہے اور طرح طرح کی تاویلیں پیش کی جا رہی ہیں کہ بنگلہ دیش کو اِس معاہدے میں شمولیت سے فائدے کے بجائے نقصان ہوسکتا ہے، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ بنگلہ دیش نفسیاتی طور پر بھارت کے دباؤ سے آزاد ہوگا اور اِسے اپنی خودمختاری کے تحفظ میں آسانی ہو گی۔ بھارت اِسے تنہاء سمجھ کر بلیک میل نہیں کر سکے گا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کو چاہئے کہ بنگلہ دیش کی طرف سے معاہدے میں شامل ہونے کے عندیے کو عملی شکل دینے کے لئے اُس پر سنجیدگی سے غور کریں۔

جب میرا خط روضہ رسول اللہ ﷺ پہ پہنچا!

ظفریات
facebook / zafar iqbal zafar raiwind
ظفر اقبال ظفر
zafariqbalzafarculimnist@gmail.com

میرا ایک دوست عمرے کے لیے سعودی عرب جانے سے ایک دن پہلے مجھے ملا۔ جب اس نے بتایا کہ وہ میرے آقا کریم ﷺ کی سرزمین پہ جا رہا ہے تو دل بھر آیا لہجہ اس قدر بھاری ہوگیا کہ زبان لفظوں تلے دب گئی۔ کچھ لمحے دل کی بے ترتیب دھڑکنوں کو سنبھالنے میں لگے، حواس سنبھلے تو میں نے اس سے درخواست کی کہ یار میرا ایک کام کردو گے احسان ہوگا تمہارا؟ اُس نے کہا بولو؟ میں نے بتایا کہ میں نے ایک خط حضور نبی کریم ﷺ کے نام لکھا ہے جو پہلے ایک دفعہ روضہ رسول اللہ ﷺ پہ پہنچا تو تھا مگر قاصد نے جب خود پڑھا تو جانے کس خیال میں گم ہوگیا روضہ رسول ﷺ پہ پڑھنے کی ہمت نہ ہوئی یا اس خیال میں گرفتار ہوگیا کہ جس احساسات وجذبات سے لکھا گیا اس کیفیت کے ساتھ پڑھا نہیں جا سکے گا اور پھر ایسی خاموشی طاری ہوئی کہ قاصد نے اس امانت کو خانہ کعبہ میں اللہ کے سامنے قبولیت کے دُعائیہ انداز میں پیش کردیا۔ اس کے اس عمل کا بھی شکریہ، مگر میری قلبی و رُوحانی تسلی نہ ہوئی اور میں نے صبر کا جو بھار اُٹھا رکھا تھا وہ امانت بنا کر اپنے اس دوست کے کندھوں پہ رکھ دیا کہ میرا خط حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں پڑھ کر پیش کرنا۔

اس نے حامی بھرتے ہوئے رابطے میں رہنے کا کہا جب وہ مسجد نبوی میں روضہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے نماز عشاء کے بعد بیٹھا ہوا تھا تو اس نے روضہ مبارک کی جانب موبائل کیمرہ کر کے مجھے دو منٹ کی ویڈیو بنا کر سینڈ کی جس میں نعتیہ جملہ کہا کہ حضور ﷺ سب جانتے ہیں وہ سارے اُمتیوں کے دلوں میں پیدا ہوئے اک اک خیال سے واقف ہیں ظفر صاحب دل چھوٹا نہ کیا کرو۔ اگلے دن جب میں نے موبائل چیک کیا تو دل بھر آیا اور نم آنکھوں لرزتے لہجے میں اسے شکریہ کا وائس میسج کرتے ہوئے کہا آپ نے کہا دل چھوٹا نہ کیا کروں۔ میں کیا کروں حضور ﷺ کے معاملے میں میرا میرے دل پہ اختیار ہی نہیں ہے چھوٹا بڑا تنگ کھلا کچھ بس میں نہیں رہتا بے قابو ہو جاتا ہے۔ آپ کو مالی قوت حاصل ہے آپ روضے رسول ﷺ پہ آ جاتے ہو مگر مجھے دولت محبت کی بے پناہ شدت میں مال کی کمی دی ہے میرا درد آپ نہیں سمجھو گے۔۔۔ میرا سلام پہنچانے کا شکریہ۔ (یہ لرزتے لہجے، بھیگی آنکھیں، کانپتے دل، تھرتھراتی زبان، تڑپتی رُوح، سسکتی محبت، ادب کے غسل میں پیش ہوئی کیفیت پہ مبنی جو میری آواز میں پوشیدہ تھی مدینہ کی اُن زندہ فضاؤں نے جن میں میرے نبی کریم ﷺ نے سانس لیے تھے حضور ﷺ کی روحانی بارگاہ میں پیش کر دیئے تھے) اس کیفیت کو گزرے ابھی دو، تین گھنٹے ہی ہوئے تھے کہ میرا ایک دوست جو روضہ رسول اللہ ﷺ میں موجود تھا اس نے خصوصی میرے لیے میرا سلام بارگاہ رسالت ﷺ میں پہنچانے کی ویڈیو بنا کر مجھے سینڈ کر دی۔ جسے دیکھنے کے بعد میں ناجانے کتنی دیر محبت رسول ﷺ میں رویا۔ یہ میرے کہے بغیر ہوا تھا۔ یعنی یہ رسول اللہ ﷺ کی جانب سے سلام کا جواب آیا تھا۔۔۔ روضہ رسول اللہ ﷺ پہ بہت سارے سلام پہنچتے ہیں مگر سلام کے لیے آنے والوں سے بھی بڑے خوش نصیب وہ ہیں جن کو سلام کا جواب مل جاتا ہے۔

میری قسمت تو دیکھئے میں نہیں پہنچا میرا سلام پہنچا اور مجھ تک جواب پہنچا۔ یہ حضور ﷺ کی جانب سے ہوا احسان ہی تو ہے۔ میں نے اُس دوست کا بھی اشکوں سے بھیگی نگاہوں سے شکریہ ادا کیا اور دُعا دی کہ آپ نے مجھے روضہ ﷺ کی زیارت کروائی سلام پیش کیا اور سلام کا جواب مجھ تک پہنچایا میرا رب آپ کو روضے والی ہستی کی زیارت کروائے۔ آمین ثم آمین۔ اور پھر گند گھنٹوں کی خاموشی۔ ہوش حواس سنبھلے تو مجھے خط یاد آ گیا۔ میں شدت سے چاہتا تھا میرے خط کے تمام احساسات وجذبات سے بھرے الفاظوں کی تحریر بارگاہ رسالت ﷺ میں پہنچ جائے۔ روضہ رسول ﷺ سے آگے خدمت رسول ﷺ میں کیسے پیش جائے یہ وہ سوال تھا جس کی سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ حضور ﷺ کی محبت خود سکھا دیتی ہے آداب محبت۔ میں نے درود شریف پڑھ کر حضور ﷺ سے التجاء کی کہ مجھے راستہ دیکھایئے پھر یہ طریقہ دل کی زمین پہ وحی محبوب ﷺ بن کر اُترا۔ عصر کا وقت تھا اور دوست ابھی تک مسجد نبوی میں ہی تھا۔ میں نے اس سے دریافت کیا تو اس نے اپنی موجودگی کی تصدیق کرتے ہوئے پوچھا کہ میں آپ کے لیے یہاں سے کیا تحفہ لاؤں جو آپ کو لازمی قبول کرنا ہے؟ میں نے اسے بتایا کہ مجھے کسی دنیاوی چیز کی خواہش نہیں میں اگر لینا ہی چاہوں گا تو مدینہ پاک کی خاک لوں گا جو میرے نبی کریم ﷺ کے مقدس قدموں تلے آ کر خاک شفا کے درجے کو پہنچی ہے۔۔۔ کیا آپ مجھے اس وقت ایک عمل کا تحفہ دے سکتے ہو؟ اس نے کہا ضرور آپ بتایئے؟ میں نے کہا کہ میرا ایک خط ہے جو حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں پہنچانا ہے۔ اس نے کہا جی بتایئے کیا کروں۔ میں نے اسے خط سینڈ کیا اور اسی خط کو اپنی زبان میں پڑھنے کی ایک ویڈیو سینڈ کی۔ اور کہا کہ گنبد خضرا کے سائے میں سرکار دوعالم ﷺ کو مخاطب کر کے عرض کرنا کہ حضور ﷺ آپ کے دیوانے گنہگار امتی ظفر اقبال ظفر نے آپ کے نام خط لکھا ہے جو انہی کی زبانی آپ کی توجہ سماعت میں پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں آپ ﷺ اپنے روضے کے ملائکہ خادمین کو حکم فرمائیں کہ وہ ظفر قبال ظفر کی رُوح کے ترجمان خط کے سارے احساسات وجذبات سے لبریز الفاظ آپ کی رُوحانی بارگاہ میں پیش کریں۔ اور پھر ویڈیو میں موجود میری آواز کو گنبد خضرا کی فضاؤں کے حوالے کر دیا گیا۔ اس کے بعد وہ دوست روضہ رسول ﷺ کی جالیوں کے پاس جا کر حضور ﷺ اور آپؐ کے صحابہ حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت عمر فاروقؓ کو سلام پیش کرتے ہوئے میرے خط کو پیش کرنے کا اور حضور ﷺ کے قبول کرنے کے تزکرے کرتا ہوا باب اسلام سے داخل ہوتا اور جنت البقی والے راستے نکل جاتا یہ عمل اس کی تین دفعہ کیا۔

ایران پر اقتصادی دباؤ اور مزاحمت کی نئی آزمائش

اظہار خیال
منظر نقوی

ایران اور امریکہ کے درمیان کئی دہائیوں سے جاری کشیدگی اب محض سفارتی اختلافات تک محدود نہیں رہی بلکہ اقتصادی پابندیاں، مالیاتی قدغنیں اور تجارتی رکاوٹیں اس محاذ آرائی کے اہم ہتھیار بن چکی ہیں۔ ایران کی وزارتِ خارجہ کے مرکز برائے سیاسی و بین الاقوامی مطالعات کے سربراہ سعید خطیب زادہ کے حالیہ بیانات اسی پس منظر میں اہمیت رکھتے ہیں، جن میں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ایرانی قوم ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر ''اقتصادی دہشت گردی'' کا مقابلہ کرنے میں کامیاب ہوگی۔

دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور انہیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے موقع پر ایرانی خبر رساں ادارے ارنا سے گفتگو کرتے ہوئے خطیب زادہ نے کہا کہ امریکی پالیسی، بالخصوص زیادہ سے زیادہ دباؤ اور اقتصادی پابندیوں کا مقصد ایرانی عوام کی قوتِ مزاحمت کو کمزور کرنا ہے۔ ان کے مطابق ایرانی حکومت تمام قومی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اور ریاستی اداروں کے درمیان تعاون کے ذریعے پابندیوں کے اثرات کو بے اثر کرنے، قومی مفادات کے تحفظ اور ملکی سلامتی کو یقینی بنانے کی کوشش جاری رکھے گی۔

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اقتصادی پابندیاں بظاہر حکومتوں پر دباؤ ڈالنے کے لیے عائد کی جاتی ہیں، لیکن ان کے اثرات اکثر عام شہریوں تک پہنچتے ہیں۔ بینکاری نظام، مالیاتی لین دین، تجارت، سرمایہ کاری، جہاز رانی اور عالمی منڈیوں تک رسائی میں مشکلات کسی بھی ملک کی معیشت کو متاثر کرتی ہیں۔ نتیجتاً مہنگائی، کرنسی کی قدر میں کمی، کاروباری مشکلات اور روزمرہ ضروریات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا بوجھ بالآخر عام خاندانوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔

امریکہ طویل عرصے سے یہ مؤقف اختیار کرتا آیا ہے کہ ایران کے خلاف پابندیاں تہران کی پالیسیوں کو تبدیل کرنے اور فوجی تصادم سے بچتے ہوئے سفارتی دباؤ پیدا کرنے کا ذریعہ ہیں۔ دوسری جانب ایران ان پابندیوں کو اجتماعی اقتصادی سزا قرار دیتا ہے۔ اصطلاحات سے قطع نظر، طویل المدتی پابندیوں کے انسانی اور سماجی اثرات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

خطیب زادہ کا یہ کہنا بھی قابلِ توجہ ہے کہ ایرانی عوام کو مایوس کرنے اور ان کی مزاحمتی قوت کو ختم کرنے کے لیے مسلسل دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ تاریخ بتاتی ہے کہ جب اقتصادی دباؤ کو کسی ملک کے عوام اپنی قومی خودمختاری کے خلاف اقدام سمجھنے لگیں تو ایسی پالیسیاں مطلوبہ سیاسی نتائج پیدا کرنے کے بجائے قومی مزاحمت کے جذبات کو مزید مضبوط کر سکتی ہیں۔

ایران گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف نوعیت کی پابندیوں کا سامنا کر رہا ہے اور اسی تجربے کے نتیجے میں اس نے مغربی اقتصادی نظام پر انحصار کم کرنے کے لیے متعدد راستے اختیار کیے ہیں۔ ایشیائی اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارت، متبادل مالیاتی انتظامات اور اہم شعبوں میں مقامی پیداوار بڑھانے کی کوششیں اسی حکمتِ عملی کا حصہ ہیں۔ یہ اقدامات پابندیوں کے تمام اثرات ختم نہیں کر سکتے، لیکن یہ ضرور ظاہر کرتے ہیں کہ صرف اقتصادی دباؤ کے ذریعے فوری سیاسی تبدیلی کی توقع حقیقت پسندانہ نہیں۔

خطیب زادہ نے دہشت گردی کے وسیع تر تناظر میں میناب کے شجرہ طیبہ اسکول کے قتلِ عام کا بھی حوالہ دیا اور اسے دہشت گردی کی ایک شکل قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ایرانی وزارتِ خارجہ نے دہشت گردی کے نئے واقعات سے متعلق سیکڑوں بین الاقوامی دستاویزات تیار کر کے متعلقہ عالمی اداروں کو پیش کی ہیں۔

ایسے دعووں کا غیر جانب دارانہ اور قانونی بنیادوں پر جائزہ لینا بین الاقوامی اداروں کی ذمہ داری ہے۔ دہشت گردی کے خلاف عالمی جدوجہد اسی وقت مؤثر اور قابلِ اعتبار ہوسکتی ہے جب متاثرین کے ساتھ ان کی قومیت، مذہب یا سیاسی وابستگی سے بالاتر ہوکر یکساں سلوک کیا جائے۔ دہشت گردی جہاں بھی ہو اور جس کے خلاف بھی ہو، اس کی مذمت اور شفاف تحقیقات ضروری ہیں۔ اسی اصول کا اطلاق اقتصادی پابندیوں پر بھی ہونا چاہیے۔ پابندیوں کو اکثر جنگ کے متبادل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، لیکن اگر ان کا نتیجہ بڑے پیمانے پر شہری آبادی کی معاشی مشکلات میں اضافے کی صورت میں نکلے اور ساتھ ہی کوئی قابلِ عمل سفارتی راستہ بھی موجود نہ ہو تو ان کی افادیت اور اخلاقی جواز دونوں پر سوال اٹھتے ہیں۔

اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ایران سے متعلق عالمی برادری کے جائز تحفظات کو نظرانداز نہ کیا جائے۔ جوہری پروگرام، علاقائی سلامتی اور مغربی ممالک کے ساتھ اختلافات جیسے معاملات سنجیدہ مذاکرات اور قابلِ اعتماد سفارتی ضمانتوں کے متقاضی ہیں۔ مستقل محاذ آرائی ان مسائل کا پائیدار حل نہیں۔ ایرانی حکومت پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بہتر اقتصادی حکمرانی، سرمایہ کاری کے فروغ، بدعنوانی کے خاتمے اور عوام کی قوتِ خرید کے تحفظ کے ذریعے داخلی اقتصادی استحکام کو مضبوط کرے۔ قومی مزاحمت کا حقیقی مفہوم اسی وقت سامنے آتا ہے جب اس کے ثمرات عام شہریوں کے تحفظ اور معاشی استحکام میں بھی دکھائی دیں۔ خطیب زادہ کا یہ عزم کہ ایرانی قوم ایک مرتبہ پھر دباؤ کا مقابلہ کر کے سرخرو ہوگی، ایران کے دیرینہ مزاحمتی بیانیے کی عکاسی کرتا ہے۔ تاہم خطے اور عالمی برادری کے لیے اصل کامیابی یہ ہوگی کہ مزاحمت اور دباؤ کے اس نہ ختم ہونے والے سلسلے کی جگہ سنجیدہ سفارت کاری لے۔ مشرقِ وسطیٰ کو مزید پابندیوں، کشیدگی اور تصادم کے بجائے ایسے مذاکرات کی ضرورت ہے جو جائز سلامتی کے خدشات کو دور کریں، عوام کی اقتصادی مشکلات کم کریں اور اختلافات کو طاقت کے بجائے سفارتی ذرائع سے حل کرنے کی راہ ہموار کریں۔

سیرتِ نبویؐ انسانیت کے لیے جامع ضابطہ حیات"

(تحریر احسن انصاری)

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرتِ مبارکہ پوری انسانیت کے لیے ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ آپؐ کی تعلیمات نے نہ صرف عرب کے ایک منتشر اور قبائلی معاشرے کو ایک مہذب اور منظم امت میں تبدیل کیا بلکہ پوری دنیا کو امن، عدل، مساوات اور احترام انسانیت کا ایسا پیغام دیا جو قیامت تک انسانیت کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ آپؐ کی زندگی کا ہر پہلو انسان کے انفرادی، اجتماعی، معاشی اور سیاسی مسائل کا حل پیش کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیا میں "رحمت للعالمین" بن کر تشریف لائے۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ" (الانبیاء:107)

یعنی "ہم نے آپؐ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔" یہ رحمت صرف مسلمانوں کے لیے نہیں بلکہ پوری انسانیت اور تمام مخلوقات کے لیے تھی۔ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسان کو اس کی اصل قدر و منزلت سے روشناس کرایا اور بتایا کہ ہر انسان عزت، احترام اور انصاف کا حق دار ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے قبل عرب معاشرہ جہالت، ظلم، نسلی تعصب اور اخلاقی زوال کا شکار تھا۔ طاقتور کمزوروں کو زیادتی کا نشانہ بناتے، عورتوں کو کمتر سمجھا جاتا تھا، غلاموں کے ساتھ جانوروں جیسا سلوک روا رکھا جاتا تھا اور قبائلی برتری کے نام پر خونریزی معمول بن چکی تھی۔ ایسے حالات میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے توحید، اخوت، مساوات اور عدل کا پیغام دیا۔ آپؐ نے اعلان فرمایا کہ انسان کی عظمت اس کے نسب، قبیلے، رنگ یا دولت میں نہیں بلکہ اس کے تقویٰ اور کردار میں ہے۔ آپؐ نے غلاموں کو آزادی کی ترغیب دی، عورتوں کو حقوق عطا کیے، یتیموں اور مسکینوں کی کفالت کو نیکی قرار دیا اور کمزور طبقات کو معاشرے میں عزت و وقار بخشا۔

اسلامی تاریخ کا ایک عظیم واقعہ فتح مکہ ہے۔ مکہ کے وہی لوگ جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کے صحابہؓ پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے، انہیں اپنے وطن سے ہجرت پر مجبور کیا اور کئی برسوں تک اسلام کے خلاف سازشیں کرتے رہے، جب فتح مکہ کے موقع پر صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے مغلوب کھڑے تھے تو انہیں سخت سزا کا اندیشہ تھا۔ لیکن رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انتقام کے بجائے رحمت اور معافی کا راستہ اختیار کیا۔ آپؐ نے فرمایا: "آج تم پر کوئی گرفت نہیں، جاؤ تم سب آزاد ہو۔" یہ اعلان انسانی تاریخ میں عفو و درگزر، برداشت اور اعلیٰ اخلاق کی ایسی مثال ہے جس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔ فتح مکہ نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ اصل طاقت انتقام لینے میں نہیں بلکہ معاف کرنے میں ہے۔

مدینہ کی ریاست اور انصاف کا نظام

مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ایسی فلاحی ریاست قائم کی جس کی بنیاد عدل، مساوات اور قانون کی حکمرانی پر تھی۔ آپؐ کے نزدیک سب انسان برابر تھے اور کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں تھا۔ آپؐ نے حکمرانوں اور عوام دونوں کو انصاف کے یکساں معیار کا پابند بنایا۔

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی ریاست میں مذہبی آزادی کا بھی مکمل احترام کیا جاتا تھا۔ مختلف مذاہب اور قبائل کے لوگوں کو اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی حاصل تھی۔ یہی اصول آج کے جدید جمہوری معاشروں کے لیے بھی مشعلِ راہ ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کا آخری اور جامع ترین پیغام خطبۂ حجۃ الوداع، جو آپؐ نے 10 ہجری میں میدانِ عرفات میں ایک لاکھ سے زائد صحابہؓ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ یہ خطبہ درحقیقت انسانی حقوق، معاشرتی انصاف اور عالمی اخوت کا پہلا اور مکمل منشور ہے۔

خطبے میں آپؐ نے سب سے پہلے انسانی جان، مال اور عزت کی حرمت کو بیان فرمایا: "جس طرح یہ دن، یہ مہینہ اور یہ شہر محترم ہے، اسی طرح ایک مسلمان کی جان، مال اور عزت بھی محترم ہے۔"

آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم نے سود کے خاتمے کا

تحریر:
احسن انصاری

اعلان فرمایا اور معاشی استحصال کی تمام صورتوں کو ناجائز قرار دیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ جاہلیت کے تمام سودی معاملات ختم کیے جاتے ہیں۔

آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم نے عورتوں کے حقوق کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا: "عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو، تمہارے ان پر حقوق ہیں اور ان کے تم پر حقوق ہیں۔" آپؐ نے شوہروں کو اپنی بیویوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور محبت سے پیش آنے کی تلقین فرمائی۔ یہ تعلیم آج بھی خاندانی نظام کے استحکام کی بنیاد ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے نسل، رنگ اور قومیت کی بنیاد پر برتری کے تمام تصورات کو ختم کرتے ہوئے فرمایا: "کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر، کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر کوئی فضیلت حاصل نہیں، سوائے تقویٰ کے۔" یہ اعلان دنیا میں انسانی مساوات کا سب سے عظیم اور انقلابی پیغام تھا۔ آج جب دنیا نسل پرستی، تعصب اور نفرت کا شکار ہے تو خطبۂ حجۃ الوداع ہمیں انسانوں کے درمیان برابری اور احترام کا درس دیتا ہے۔ خطبے کے آخر میں آپؐ نے امت کو قرآن وسنت سے وابستہ رہنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا: "میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، جب تک انہیں مضبوطی سے تھامے رکھو گے کبھی گمراہ نہیں ہو گے: اللہ کی کتاب اور میری سنت۔"

آج دنیا بے شمار مسائل سے دوچار ہے۔ جنگیں، معاشی ناہمواری، مذہبی انتہاپسندی، نسلی تعصب، اخلاقی زوال اور ماحولیاتی بحران پوری انسانیت کے لیے چیلنج بن چکے ہیں۔ ان مسائل کا مستقل حل سیرتِ نبویؐ کی تعلیمات میں موجود ہے۔ اگر ہم عدل کو اپنائیں، کمزوروں کے حقوق کا تحفظ کریں، خواتین کا احترام کریں، نفرت کے بجائے رواداری کو فروغ دیں اور انسانوں کے درمیان برابری کا تصور عام کریں تو معاشرے میں امن اور استحکام پیدا ہوسکتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت ہمیں سکھاتی ہے کہ ایک مثالی معاشرہ صرف قانون سے نہیں بلکہ مساوات، اعلیٰ اخلاق، رحم دلی اور انصاف سے تشکیل پاتا ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پوری انسانیت کے لیے رحمت، محبت، عدل اور اخوت کا کامل نمونہ ہیں۔ فتح مکہ کی عام معافی ہو یا خطبۂ حجۃ الوداع کا عالمگیر پیغام، آپؐ کی زندگی کا ہر لمحہ انسانیت کی خدمت اور فلاح کے لیے وقف تھا۔ آپؐ نے انسان کو اس کی عزت و وقار سے روشناس کرایا، معاشرے کو انصاف کا درس دیا اور دنیا کو امن و محبت کا راستہ دکھایا۔

آج اگر انسانیت حقیقی امن، خوشحالی اور باہمی احترام کی خواہاں ہے تو اسے سیرتِ نبویؐ کے سنہری اصولوں کو اپنی زندگیوں میں نافذ کرنا ہوگا۔ یہی وہ ابدی پیغام ہے جو ہر دور میں انسانیت کو اندھیروں سے نکال کر روشنی، عدل اور کامیابی کی منزل تک پہنچاتا رہے گا۔ آج اگر انسانیت حقیقی امن، خوشحالی اور باہمی احترام کی خواہاں ہے تو اسے سیرتِ نبویؐ کے سنہری اصولوں کو اپنی زندگیوں میں نافذ کرنا ہوگا۔ یہی وہ ابدی پیغام ہے جو ہر دور میں انسانیت کو اندھیروں سے نکال کر روشنی، عدل اور کامیابی کی منزل تک پہنچاتا رہے گا۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

طلاق یا علیٰحدگی سے متعلق خبریں بے بنیاد اور جعلی، عائزہ خان بھڑک اٹھیں

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کی خوبرو اداکارہ عائزہ خان نے شوہر دانش تیمور سے علیٰحدگی کی افواہوں پر خاموشی توڑ دی۔ حال ہی میں عائزہ خان نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر چند نمایاں تبدیلیاں کیں، اس کے علاوہ ان کے اکاؤنٹ سے ایک پوسٹ کے علاوہ دانش کے ہمراہ تصاویر بھی ہٹادی گئیں جس پر مداح خاصے حیران ہوئے۔ اداکارہ کی نجی زندگی سے متعلق چہ میگوئیوں میں اس وقت اضافہ ہوا جب انہوں نے اپنے شوہر دانش تیمور کے ڈرامے ''ہمراہی'' کے فائنل کی سنیما پریمیئر تقریب میں شرکت نہیں کی۔ تاہم اب عائزہ خان نے ایک فین پیج کی جانب سے کیے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے ان افواہوں کو مسترد کردیا ہے۔ اداکارہ نے واضح کیا کہ ان کی طلاق یا علیٰحدگی سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد اور جعلی ہیں۔ عائزہ کے اس ردعمل کے بعد مداحوں نے بھی سوشل میڈیا پر مختلف انداز میں اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ بعض صارفین نے جوڑے سے علیٰحدگی نہ کرنے کی اپیل کی جب کہ کچھ نے سوال اٹھایا کہ اگر افواہیں بے بنیاد ہیں تو عائزہ نے دانش تیمور کے ساتھ تصاویر کیوں ہٹائیں؟ خیال رہے کہ عائزہ خان اور دانش تیمور کو شوبز انڈسٹری کی معروف ترین جوڑی سمجھا جاتا ہے اور یہ وہ جوڑی ہے جسے مداح بھرپور پسند کرتے ہیں۔

عامر خان بھی لیجنڈ معین اختر کے مداح ہیں، ثروت گیلانی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی اداکارہ ثروت گیلانی نے انکشاف کیا ہے کہ بھارتی اداکار عامر خان نے ان سے لیجنڈ معین اختر کے شو لوز ٹاک کی اقساط مانگی ہیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں ثروت گیلانی نے بتایا کہ جب ویب سیریز چڑیلز بیرونِ ملک ریلیز ہوئی تو میرا متعدد بھارتی شخصیات سے رابطہ ہوا، اسی دوران عامر خان سے بھی رابطہ ہوا کیونکہ میں عامر خان کی پروڈکشن ٹیم کے ایک فرد کو جانتی تھی۔ ثروت گیلانی نے بتایا کہ جب عامر خان کی ٹیم نے مجھ سے رابطہ کیا تو میں یہ سمجھی کہ شاید مجھے کسی ہندی فلم میں کام کرنے کی پیشکش کی جا رہی ہے، میں نے سوچا واہ عامر خان! شاید اب میں کسی ہندی فلم میں نظر آؤں گی لیکن عامر خان کی دلچسپی کسی فلمی کردار کے بجائے مرحوم معین اختر کے ٹی وی پروگرام کی اقساط میں تھی۔

بشریٰ انصاری نے سائرہ یوسف سے متعلق سوشل میڈیا دعووں کی تردید کردی

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے اپنے ایک حالیہ بیان کی وضاحت کرتے ہوئے ان سوشل میڈیا پیجز کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے جنہوں نے ان کے قریبی دوستوں کے بیٹے کی ازدواجی زندگی سے متعلق بیان کو اداکار شہروز سبزواری اور سائرہ یوسف سے جوڑ دیا تھا۔ بشریٰ انصاری اداکاری کے ساتھ اپنے روزمرہ وی لاگز کے باعث بھی ناظرین کی توجہ حاصل کرتی ہیں، جن میں وہ اپنی ذاتی زندگی، سفر اور مختلف تجربات کی جھلکیاں شیئر کرتی رہتی ہیں۔ چند روز قبل ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کے دوران انہوں نے اپنے قریبی دوستوں کے اکلوتے بیٹے کی شادی ختم ہونے کا ایک واقعہ بیان کیا تھا۔ اداکارہ کے مطابق مذکورہ جوڑے کے درمیان اختلاف کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ بیوی اپنے سسرال کے ساتھ رہنے کے بجائے الگ گھر میں رہنا چاہتی تھی، جبکہ شوہر اپنے والدین کو چھوڑنے پر آمادہ نہیں تھا۔ بشریٰ انصاری نے واضح کیا کہ وہ واقعہ ان کے ایسے دوستوں سے متعلق تھا جو بینکرز ہیں، لیکن بعض سوشل میڈیا پیجز نے اس بیان کو شہروز سبزواری اور سائرہ یوسف سے منسلک کردیا۔ اپنے تازہ وی لاگ میں بشریٰ انصاری نے کہا کہ وہ اپنی پیاری مایا کے ساتھ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کر رہی تھیں اور اسی دوران انہوں نے اپنے دوستوں کا یہ واقعہ سنایا۔ ان کے مطابق کسی نے ان کی بات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا اور پھر سائرہ یوسف اور شہروز سبزواری کی تصاویر کے ساتھ یہ تاثر دیا گیا کہ ان کا اشارہ انہی دونوں کی ازدواجی زندگی کی طرف تھا۔

مادھوری ڈکشٹ کی 24 سال بعد ٹی وی پر واپسی

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ مادھوری ڈکشٹ نے 24 سال کے طویل وقفے کے بعد ٹیلی ویژن پر بطور میزبان واپسی کا اعلان کردیا۔ اداکارہ اب مقبول کوئز شو 'کون بنے گا کروڑ پتی' کے مراٹھی ورژن 'کون ہونار کروڑ پتی' کی میزبانی کرتی نظر آئیں گی، جس کا پہلا پرومو بھی جاری کردیا گیا ہے۔ مادھوری ڈکشٹ نے شو کے پہلے پرومو میں روایتی مہاراشٹرین انداز اپنایا ہے۔ سبز اور سنہری ساڑھی میں ملبوس اداکارہ نے روایتی سنہری زیورات اور مہاراشٹرین طرز کی نتھ پہن رکھی ہے، جس میں وہ انتہائی دلکش دکھائی دے رہی ہیں۔ پرومو میں مادھوری مراٹھی زبان میں شو کا تعارف کراتے ہوئے کہتی ہیں کہ جو پہلے کبھی نہیں ہوا، اب ہونے والا ہے۔ مہاراشٹر کے گھروں میں گفتگو کا ایک نیا سلسلہ شروع ہوگا، کیونکہ اب کھیل بدلنے والا ہے۔ اسی کے ساتھ وہ ناظرین کو 'کون ہونار کروڑ پتی' میں شرکت کی دعوت دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ شو جلد پیش کیا جائے گا۔ مادھوری نے انسٹاگرام پر بھی پرومو شیئر کرتے ہوئے نئے کردار کے لیے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔ اداکارہ نے لکھا کہ 'کون ہونار کروڑ پتی' کی میزبان کی حیثیت سے وہ اپنی زندگی کے ایک خاص نئے باب میں داخل ہورہی ہیں اور اس سفر کو شروع کرنے کے لیے بے حد پرجوش ہیں۔

بقیہ نمبر 1

ریسکیو اہلکاروں نے پیدل رسپانس کرتے ہوئے مقامی لوگوں کے ساتھ مل کر گہری کھائی سے زخمیوں کا نکالا، حادثے میں 5 سیاح زخمی، 3 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد سول ہسپتال مری منتقل کردیا گیا، حادثے میں زخمی ہونے والے 2 سیاحوں کی حالت تشویش ناک بتائی جارہی ہے 2 زخمی سیاحوں کو موقع پر ہی طبی امداد فراہم کی گئی، حادثے کا شکار سیاحوں کا تعلق گولڑہ شریف، اسلام آباد سے بتایا جارہا ہے

بقیہ نمبر 2

بن کر تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے محبت، اخوت، برداشت، عدل، مساوات اور انسانیت کی خدمت کا درس دیا۔ آج امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں سیرت رسول ﷺ سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا ہوگا۔ راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنے معاملات میں دیانت، صداقت، انصاف اور حسن اخلاق کو فروغ دیں گے اور معاشرے کے محروم طبقات کی مدد کو اپنا شعار بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ سے سچی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کریں، اپنے کردار کو اسوۂ حسنہ کے مطابق ڈھالیں اور ملک میں امن، بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر 3

افسران و عملے کو محنت اور لگن سے کام جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اعجاز احمد نے واضح کیا کہ ملاوٹ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا رہا جائے گا اور انسانی صحت سے کھیلنے والوں سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے اعادہ کیا کہ پنجاب کو ملاوٹ مافیا سے مکمل طور پر پاک کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ نمبر 4

اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزمان کے 4 ساتھیوں کو اس سے قبل ہی گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی صدر انعم شیر کے مطابق گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

بقیہ نمبر 5

نے ہدایت کی کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی یقینی بنائی جائے۔ شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تھانوں میں شہریوں کے لیے بہترین سروس ڈیلیوری ہر صورت یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی

بقیہ نمبر 6

مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا جبکہ جرائم پیشہ عناصر قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر دیں

بقیہ نمبر 7

ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر قانون اور میرٹ کے مطابق فوری کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی غفلت، کوتاہی یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی پی او مری نے پولیس افسران کو ہدایات دیں کہ تھانوں اور چوکیوں میں آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور عزت و احترام سے پیش آیا جائے، ان کی بات تحمل سے سنی جائے اور انہیں بروقت ریلیف فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں، کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں نے پولیس کی جانب سے امن و امان کے قیام، جرائم کے تدارک اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور پولیسنگ کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے اپنی تجاویز بھی پیش کیں، اس موقع پر ڈی پی او مری نے کہا کہ عوام کی شکایات کا بروقت ازالہ، انہیں فوری انصاف کی فراہمی اور عوام کے جان و مال کا تحفظ مری پولیس کی اولین ترجیح ہے، پولیس اور عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے تا کہ انکے مسائل ان کی دہلیز پر سنے اور قانون کے مطابق حل کیے جاسکیں۔

بقیہ نمبر 8

آرگنائز کر رہے ہیں جو مرکزی انجمن جامع مسجد غوثیہ مری سے شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ یہ جلوس خالصتاً نبی پاک ﷺ کی محبت میں نکالا جا رہا ہے یہ غیر سیاسی اور غیر مذہبی ہے اورکواختلافی بات کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اس جلوس کو اپنے کسی سیاسی یا مذہبی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی ایسا کرنے والوں کیخلاف ضلعی انتظامیہ ہر قسم کی تادیبی کارروائی کرنے کی مجاز ہوگی۔

بقیہ نمبر 9

ہے جب سرزمین لاہور میں مسلمانوں کے عظیم رہنما اور وقت کے کامل ولی اللہ پیر مہر علی شاہ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مرزائیوں کو بادشاہی مسجد میں مناظرے میں مرزا غلام قادیانی کو اس کی طے شدہ شرائط کے باوجود بھاگنے پر مجبور کر دیا جس کو یوم فتح مبین کے طور پر مسلمان آج بھی یاد کرتے ہیں۔ مرزا غلام قادیانی طے شدہ شرائط اور وقت پر نہ آ کر اپنی شکست خود تسلیم کر لی تھی۔ پیر مہر علی شاہ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ عظیم کارنامہ اہلسنت کے وقار میں مزید اضافہ کرتا ہے، انگریزوں کے اس خود کاشتہ پودے کی باقیات کو آج بھی عقیدہ ختم نبوت کے مجاہد پیر مہر علی شاہ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ بتائیں ہوئے راستے پر چلتے شکستوں پر شکست دے رہے ہیں۔ آج یہ فتنہ در پردہ ہمارے آنے والی نسلوں کو نوکری اور چھوکری کے لالچ دے کر گمراہ کر رہا ہے آج اس امر کی بے حد ضرورت ہے کہ ہم اپنے بچوں نوجوانوں اور خاص کر تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے طلبہ و طالبات کو اس فتنے کے حوالے سے آگاہی مہیا کریں کیونکہ اصل کامیابی موجودہ دور میں ایمان کی سلامتی ہے عقیدہ ختم نبوت کے بارے میں جاننا اور اس کا علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد وعورت پر لازم ہے۔

بقیہ نمبر 10

حسن جاوید کا کہنا ہے کہ صارفین کو کم پیمائش یا ملاوٹ شدہ پیٹرول فراہم کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور پیمائش کے مروجہ قوانین پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 11

پولیس نے دو رکنی گینگ کے قبضہ سے 6 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کیں۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

بقیہ نمبر 12

سمیت باہمی تعاون کے نئے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ اردن کے شاہی دربار کے مطابق ملاقات کے دوران شاہ عبداللہ دوم نے چین کو اردن کا ایک اہم اقتصادی شراکت دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اردن دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے چین کے ساتھ مزید کام کرنے کا خواہاں ہے۔ شاہ عبداللہ دوم کا موجودہ دورہ چین ان کا مجموعی طور پر نواں دورہ ہے، جبکہ 2015 کے بعد چین کا پہلا سرکاری دورہ ہے۔ دورے کے دوران انہوں نے چینی صدر شی جن پنگ سمیت اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کیں۔ چین اس وقت اردن کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم تقریباً 6.7 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ دوسری جانب چین کے وزیر خارجہ وانگ یی نے اردن کے وزیر خارجہ ایمن الصفدی سے بھی ملاقات کی۔ چینی وزارت خارجہ کے مطابق دونوں ممالک نے آئندہ سال سفارتی تعلقات کے 50 سال مکمل ہونے سے قبل اسٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال خصوصاً غزہ جنگ پر بھی بات چیت ہوئی۔ وانگ یی نے کہا کہ فلسطینی مسئلہ خطے کے استحکام کا بنیادی معاملہ ہے اور اسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے غزہ میں مستقل جنگ بندی کے لیے مذاکرات جاری رکھنے پر زور دیا، جبکہ ایمن الصفدی نے دو ریاستی حل کی حمایت کرتے ہوئے عرب امن کوششوں میں چین کے کردار کو سراہا۔

بقیہ نمبر 13

میں سے ایک کمپنی اپنے سیکیورٹی آپریشنز سینٹرز میں اینڈ پوائنٹ ڈی ٹیکشن اینڈ ریسپانس کو شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تا کہ جدید اور قابل اعتماد سائبر سیکیورٹی تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر کیسپرسکی نے کیسپرسکی نیکسٹ پراڈکٹ لائن کو اپ ڈیٹ کیا ہے، جس کے ذریعے کاروباری اداروں کو موثر اور جامع سائبر سیکیورٹی ٹیکنالوجیز اور ٹولز فراہم کیے جاسکیں گے۔ کیسپرسکی ایس او سی مینجمنٹ کنسول میں ہونے والی تازہ پیش رفت سیکیورٹی سے متعلق کاموں کی مینجمنٹ اور دیکھ بھال کو ایک ہی پلیٹ فارم پر آسان بناتی ہے، جبکہ جدید مصنوعی ذہانت کی صلاحیتوں کے ذریعے ڈیٹا کی تیز تر تلاش اور سائبر خطرات کی بہتر نشاندہی سمیت مختلف سیکیورٹی عمل کو مزید موثر بنایا گیا ہے۔ اس اپ ڈیٹ سے کمپنیوں کی ہارڈ ویئر ضروریات میں بھی نمایاں کمی آئے گی، جس کے نتیجے میں اخراجات کم اور آپریشنل کارکردگی بہتر ہونے کی توقع ہے۔ کیسپرسکی نیکسٹ کمپنی کی نمایاں بی ٹو بی پروڈکٹ لائن ہے، جو بنیادی سلوشنز کے طور پر کیسپرسکی نیکسٹ آپٹیمم جو چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے ہے، اور کیسپرسکی نیکسٹ ایکسپرٹ جو ہر حجم کے کاروباری اداروں کے لیے تیار کیا گیا ہے، کے ذریعے ریئل ٹائم تحفظ، خطرات کی نگرانی، تحقیقات اور رسپانس صلاحیتیں فراہم کرتی ہے۔ اس منتقلی سے مختلف سیکیورٹی اجزا کے درمیان باہمی رابطہ مزید آسان ہوگیا ہے، جبکہ کیسپرسکی اور تھرڈ پارٹی سلوشنز کو بھی کنسول کے ساتھ مربوط کیا جاسکتا ہے۔ بڑے پیمانے پر تعیناتی کے لیے نئی اپ ڈیٹ میں سسٹم کی ضروریات کو بہتر بنایا گیا ہے۔ نئی ریلیز کے ساتھ کمپنیوں کو جدید اے آئی خصوصیات تک بھی رسائی حاصل ہوگی۔ جس سے کسی خطرے کی شناخت ہوتے ہی خودکار طور پر الرٹ جاری کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان میں حالیہ انفو سیک 2026 کانفرنس کے دوران ای ڈی آر اور ایکس ڈی آر صلاحیتوں پر گفتگو کرتے ہوئے کیسپرسکی کے پاکستان اور افغانستان کے سیکیورٹی کنسلٹنٹ انس نسیم نے کہا کہ ایس او سی ٹولز کو ایک ہی پلیٹ فارم پر یکجا کرکے اور ای ڈی آر و اے آئی صلاحیتوں کو بہتر بنا کر ہم زیادہ تیز اور درست خطرات کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ آپریشنز کو زیادہ موثر بنانے کے قابل ہو رہے ہیں۔ اس طرح فعال سائبر سیکیورٹی تحفظ کے معیار کو مزید بلند کیا جا رہا ہے۔ اے آئی سائبر سیکیورٹی تجزیہ کاروں کو تیز رفتار اور باخبر محافظوں میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 14

مقابلے میں 203 ارب روپے زیادہ ہیں۔ اس طرح، ایک سال کے دوران کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں 93 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

بقیہ نمبر 15

کے مطابق ملزم پاکستان واپسی پر غیرملکی خواتین کی جعل سازی سے بنائی گئی قابل اعتراض تصاویر کے ذریعے رقم کا مطالبہ کرتا تھا اور رقم نہ دینے پر تصاویر اور ذاتی معلومات سوشل میڈیا پر وائرل کرنے کی دھمکیاں دی جاتی تھیں۔ ملزم خواتین کو ان کی تصاویر اور ذاتی معلومات اہل خانہ کو بھیجنے کی دھمکیاں بھی دیتا تھا۔ این سی سی آئی اے لاہور نے ملزم سے برآمد شدہ موبائل فون سے نجی و قابل اعتراض مواد تحویل میں لے کر مقدمہ درج کر لیا ہے۔ این سی سی آئی اے کے مطابق ملزم کے ڈیجیٹل آلات کا فرانزک جائزہ جاری ہے تا کہ دیگر متاثرہ خواتین سے متعلق مزید شواہد سامنے لائے جاسکیں۔ ڈائریکٹر این سی سی آئی اے پنجاب محمد علی وسیم نے خواتین کو سائبر بلیک میلنگ اور ہراساں کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کے عزم کا اظہار کیا ہے

بقیہ نمبر 16

شخص جیک لینگ کی جانب سے منعقدہ اسلام مخالف ریلی کے موقع پر شدید ہنگامہ آرائی دیکھنے میں آئی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق سٹی ہال کے باہر سیکڑوں کی تعداد میں مخالف مظاہرین نے جمع ہو کر اس ریلی کا گھیراؤ کیا، جس کے بعد پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپیں ہوئیں اور بالآخر جیک لینگ کو حراست میں لے لیا گیا۔ جیک لینگ اور ان کے کچھ ساتھیوں نے فٹ پاتھ پر گاڑیاں چلاتے ہوئے سٹی ہال میں داخل ہونے کی کوشش کی، جس پر وہاں موجود مخالف مظاہرین نے شدید ردعمل ظاہر کیا۔ مظاہرین کی جانب سے گاڑیوں پر پانی کے غبارے، بوتلیں اور دیگر اشیا پھینکی گئیں، جبکہ اس دوران اسپائیڈر مین کا لباس پہنے ہوئے ایک شہری نے بھی گاڑی کے پچھلے حصے پر چڑھ کر حملہ کرنے کی کوشش کی۔ ہنگامے کے دوران دونوں جانب سے مرچوں کے اسپرے کا استعمال کیا گیا، جس سے صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی۔ شہر کے عارضی پولیس چیف بل پیٹرسن نے ایک پریس کانفرنس کے دوران واقعے کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ دونوں گاڑیاں اچانک اور تیزی سے سٹی ہال کے پاس فٹ پاتھ پر آئیں جس سے ہجوم اور گاڑیوں میں سوار افراد کے درمیان فوری تصادم شروع ہو گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت ہجوم کے درمیان کسی کو گرفتار کرنا محفوظ نہیں تھا، اس لیے انہوں نے گاڑیوں کو وہاں سے نکالنے کو ترجیح دی تا کہ صورتحال کو پرامن بنایا جا سکے، اور بعد میں ریاستی پولیس کی مدد سے دونوں گاڑیوں کو روک کر ذمہ داروں کو حراست میں لیا گیا۔ منیاپولس کے میئر جیکب فرے نے بتایا کہ اگر کوئی بھی شہری سٹ پاتھ پر گاڑیاں چلائے گا اور عوامی تحفظ کے لیے خطرہ بنے گا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر فریڈم روڈ سوشلسٹ آرگنائزیشن کے ایک منتظم جے بیٹس نے پولیس کے رویے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس قسم کی نسل پرستانہ سرگرمیوں سے خوفزدہ نہیں ہیں اور جب عوام باہر نکل کر ان کا مقابلہ کرتے ہیں تو یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ ہم مل کر ان کے عزائم کو ناکام بنا سکتے ہیں۔ فی الوقت جیک لینگ کو ضمانت کے بغیر ہینیپن کاؤنٹی جیل میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 17

سر کی قیمت والے بدنام زمانہ ڈاکو رضوان عرف عرفان شر کو ہلاک کر دیا۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ موضع مرتضیٰ آباد روڈ پر ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے ناکہ بندی کی۔ اس دوران ایک مشکوک موٹر سائیکل کو روکنے کی کوشش کی گئی تو مسلح ڈاکوؤں نے پولیس پر فائرنگ کردی۔ پولیس کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں فائرنگ کے تبادلے میں ڈاکو رضوان عرف عرفان شر مارا گیا، جبکہ اس کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ بھی برآمد ہوا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو اغوا برائے تاوان، پولیس پر حملوں، ڈکیتی اور قتل سمیت سنگین مقدمات میں مطلوب تھا۔ حکومت سندھ نے اس کے سر کی قیمت 50 لاکھ روپے مقرر کر رکھی تھی۔ پولیس کا کہنا تھا کہ فائرنگ کے بعد دیگر ڈاکو فرار ہوگئے، جن کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے

بقیہ نمبر 18

کوٹلی گڑھ میں متنازعہ اراضی کے گرد باڑ لگا دی اور وہاں ایک بورڈ نصب کر دیا جس پر حکومت کی ملکیت کا دعویٰ کیا گیا، حالانکہ یونیورسٹی کے پاس تاریخی دستاویزات موجود ہیں جو اس اراضی پر اس کی ملکیت کے دعوے کو ثابت کرتی ہیں۔ یہ تنازعہ بھامولا مافی، نگلا پٹواری علاقے میں اے ایم یو کے رائیڈنگ فیلڈ سے منسلک اراضی سے متعلق ہے۔ شہری ادارے نے ریونیو پیمائش کے بعد اراضی کے گرد باڑ لگائی اور دعویٰ کیا کہ سرکاری ریونیو ریکارڈ میں یہ زمین سرکاری ملکیت کے طور پر درج ہے۔ اے ایم یو کی وائس چانسلر پروفیسر نعیمہ خاتون نے اس اقدام کو بلاجواز اور ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی کے پاس ایک صدی سے زائد پرانی قانونی دستاویزات موجود ہیں جو اس اراضی پر اس کی ملکیت ثابت کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی اس اقدام کو عدالت میں چیلنج کرے گی۔ یونیورسٹی نے 1925 اور 1940 کے حصول اراضی کے ریکارڈز کے علاوہ جنوری 2022 میں تیار کی گئی ایک مشترکہ پیمائش رپورٹ کا بھی حوالہ دیا جس میں متنازعہ اراضی کو رائیڈنگ فیلڈ کا حصہ قرار دیا گیا تھا۔ یونیورسٹی کا کہنا ہے کہ 1992 میں اس کے ریونیو ریکارڈز میں خفیہ طور پر تبدیلیاں کی گئی تھیں۔ اے ایم یو کے پراکٹر نوید خان نے کہا کہ یہ معاملہ مقامی سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے سامنے زیر سماعت ہے، جبکہ اے ایم یو ٹیچرز ایسوسی ایشن نے اعلان کیا کہ ضرورت پڑنے پر اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے گا۔ اس اقدام نے بھارت میں مسلمانوں کی املاک، تعلیمی اداروں اور مذہبی مقامات کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کے حوالے سے وسیع تر خدشات کو جنم دیا ہے جہاں مسلم برادریاں بارہا اپنی املاک اور اداروں کو نشانہ بنانے والے انتظامی اور قانونی اقدامات کی شکایات کرتی رہی ہیں۔ دریں اثناء ضلعی مجسٹریٹ نے موجودہ پوزیشن کو برقرار رکھنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ دستاویزات اور ریونیو ریکارڈز کا جائزہ لینے کے بعد دونوں فریقوں کا موقف سنا جائے گا۔ یہ تنازعہ ایک بار پھر بھارت میں مسلمانوں کی املاک اور اداروں کے تحفظ کے حوالے سے خدشات کو اجاگر کرتا ہے جہاں انتظامی اور قانونی عمل کو مسلمانوں کی املاک اور اداروں پر قبضہ کرنے کے لیے استعمال کیا جارہا ہے

بقیہ نمبر 19

میں 21 خواتین کی محفوظ زچگیاں کرائی گئیں، جبکہ 1625 مریضوں کا او پی ڈی میں طبی معائنہ کیا گیا۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق گوجر خان کے مختلف مریم نواز ہیلتھ کلینکس میں مجموعی طور پر 1097 مریضوں کو او پی ڈی کی سہولت فراہم کی گئی۔ ان مراکز میں 174 حاملہ خواتین کے اے این سی جبکہ 34 پی این سی چیک اپ کیے گئے اور 66 افراد کی ویکسینیشن کی گئی۔ اس دوران 15 محفوظ زچگیاں بھی کرائی گئیں جبکہ طبی ضرورت کے تحت 3 مریضوں کو مزید علاج کے لیے ریفر کیا گیا۔ اسی طرح کونتریلا، مندرہ اور دولتالہ کے مریم نواز کلینکس و ہسپتالوں میں 528 مریضوں کا او پی ڈی میں معائنہ کیا گیا۔ ان مراکز میں 40 اے این سی اور 8 پی این سی چیک اپ کے علاوہ 29 ویکسینیشنز ہوئیں جبکہ 6 خواتین کی محفوظ زچگیاں کرائی گئیں اور 8 مریضوں کو بہتر طبی نگہداشت کے لیے ریفر کیا گیا۔ سی ای او ہیلتھ راولپنڈی ڈاکٹر احسان غنی نے ایک روزہ کارکردگی کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ مجموعی طور پر 1625 او پی ڈی مریضوں، 214 اے این سی اور 42 پی این سی کیسز کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں، جبکہ 21 ماؤں کو محفوظ زچگی کی سہولت فراہم ہوئی۔ ڈاکٹر احسان غنی نے کہا کہ گوجر خان کے بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات کی موثر فراہمی اور خصوصاً ماں اور بچے کی صحت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے اس کارکردگی کو مراکز کے انچارجز اور طبی عملے کی محنت کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کا عمل مزید بہتر بنایا جا رہا ہے اور گوجر خان کو صحت کے شعبے میں ایک ماڈل تحصیل بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں

بقیہ نمبر 20

کرانا اور نئی نسل کو گکھڑ تاریخ و ثقافت سے روشناس کرانا تھا۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ گکھڑ برادری کی ممتاز شخصیات، سیاسی و سماجی رہنماؤں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے تقریب کے دوران فری والا قلعہ (باغ جوگیاں) منصوبے کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا۔ اس موقع پر فری والا قلعہ، سلطان آدم خان گکھڑ کے مزار اور مسجد مائی قمرو سمیت گکھڑ دور سے وابستہ تاریخی مقامات کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ روڈ ریس کے اختتام پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے شرکاء میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب تقسیم انعامات سلطان آدم خان گکھڑ کے مزار اور مسجد مائی قمرو کے احاطے میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے پاکستان گکھڑ فیڈریشن کی جانب سے تاریخی ورثے کے تحفظ، اس کے بارے میں عوامی شعور اجاگر کرنے اور نوجوان نسل کو اپنی تاریخ سے جوڑنے کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تاریخی مقامات کے تحفظ، بحالی اور انہیں سیاحتی و ثقافتی اعتبار سے فروغ دینے کے لیے مختلف اقدامات اور مستقبل کی منصوبہ بندی پر کام کر رہی ہے، جبکہ فری والا قلعہ اور گکھڑ دور سے وابستہ دیگر تاریخی مقامات خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔ شرکاء اور گکھڑ برادری کے رہنماؤں نے پاکستان گکھڑ فیڈریشن کی قیادت کو اس منفرد اقدام پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ فری والا قلعہ اور دیگر تاریخی مقامات صرف گکھڑ برادری کا تاریخی ورثہ نہیں بلکہ پاکستان کے قومی ثقافتی ورثے کا بھی اہم حصہ ہیں۔ تقریب میں پاکستان گکھڑ فیڈریشن کے چیف آرگنائزر کیپٹن فیض اختر کیانی اور جنرل سیکرٹری راجہ تسلیم احمد کیانی کو تاریخی مقامات کے تحفظ اور گکھڑ تاریخ و ثقافت کے فروغ کے لیے ان کی خدمات اور قیادت پر خراج تحسین بھی پیش کیا گیا۔ گکھڑ اتحاد ایسوسی ایشن کھوڑہ کا وفد بھی تقریب میں شریک ہوا، جس میں چیئرمین اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما راجہ یامین کیانی، ڈپٹی چیف آرگنائزر محمد شہزاد کیانی، فنانس سیکرٹری فیصل کیانی، سیکرٹری پبلیکیشنز و میڈیا ندیم کیانی، کوآرڈینیٹر عدنان کیانی اور دیگر اراکین شامل تھے۔ مقررین اور شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فری والا قلعہ سمیت خطے کے دیگر تاریخی مقامات کے تحفظ، بحالی اور مناسب دیکھ بھال کے لیے اجتماعی کوششیں جاری رکھی جائیں گی اور نوجوان نسل کو گکھڑ تاریخ، ثقافت اور روایات سے آگاہ کیا جائے گا۔ فری والا قلعہ کی تاریخی اہمیت اس حوالے سے بھی مزید بڑھ گئی ہے کہ فری والا قلعہ، مقبرہ سلطان مقرب خان، مسجد مائی قمرو اور قلعہ روہتاس کو 2026 میں پاکستان کی یونیسکو ورلڈ ہیریٹیج ٹینٹیٹو لسٹ میں شامل کیا گیا ہے۔ یونیسکو کے ریکارڈ کے مطابق پاکستان نے ان مقامات کو مستقبل میں عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کیے جانے کے ممکنہ امیدواروں کے طور پر پیش کیا ہے۔ واضح رہے کہ ٹینٹیٹو لسٹ میں شمولیت کسی مقام کو حتمی طور پر یونیسکو عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیے جانے کے مترادف نہیں، تاہم یہ مستقبل میں باقاعدہ نامزدگی اور عالمی ورثے کی فہرست میں ممکنہ شمولیت کی جانب ایک اہم ابتدائی قدم ہے۔ یونیسکو کے مطابق دریائے سواں کے کنارے پوٹھوہار کے خطے میں واقع فری والا قلعہ ایک تاریخی دفاعی قلعہ ہے، جس کا گکھڑ حکمرانوں کی سیاسی اور عسکری تاریخ سے گہرا تعلق رہا ہے۔ یہ چاروں مقامات 11 مئی 2026 کو پاکستان کی ٹینٹیٹو لسٹ میں شامل کیے گئے، جو خطے کے تاریخی ورثے کے اعتراف اور اس کے تحفظ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ تقریب کے مقررین نے آثار قدیمہ کے اداروں، متعلقہ سرکاری محکموں، پاکستان گکھڑ فیڈریشن اور مقامی آبادی کے درمیان موثر رابطہ اور تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا تا کہ تاریخی مقامات کے تحفظ، بحالی اور بہتر انتظام کو یقینی بنایا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ شرکاء نے فری والا قلعہ اور دیگر تاریخی و ثقافتی مقامات کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 21

کے قریب مریض یہاں آئے جن میں او پی ڈی میں 2 لاکھ 16 ہزار 465، ایمرجنسی میں 78 ہزار 584 جبکہ ان ڈور میں 10 ہزار 556 مریضوں کا علاج کیا گیا۔ اسی طرح گائنی کے 1,998 کیسز اور 431 آپریشنز کیے گئے ہسپتال کی لیبارٹری میں ایک سال کے دوران 92 ہزار 761 ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ 173,2 ٹی بی ایکس، 16 ہزار 15 ایکس رے اور 6 ہزار 377 الٹراساؤنڈ کیے گئے، مریضوں اور شہریوں نے ہسپتال کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری کو بڑھتی ہوئی آبادی اور مری میں آنے والے سیاحوں کی ضروریات کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا درجہ دیا جائے مری ایک اہم سیاحتی مقام ہونے کے باعث سال بھر لاکھوں سیاحوں کی میزبانی کرتا ہے جبکہ مقامی آبادی کو بھی علاج معالجے کے لیے انہی محدود سہولیات پر انحصار کرنا پڑتا ہے، ہسپتال کو ڈسٹرکٹ ہسپتال کا درجہ دے کر مزید جدید طبی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ کارڈیالوجی، آرتھوپیڈکس، سرجری، سمیت دیگر سپیشلسٹ ڈاکٹرز تعینات کیے جائیں اور مذکورہ شعبے بھی قائم کیے جائیں تا کہ مری کے عوام اور سیاحوں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات مقامی سطح پر میسر آسکیں

بقیہ نمبر 22

تحمل مزاجی، خوش اخلاقی اور عزت نفس کا خیال رکھنے پر زور دیا گیا جبکہ خواتین، بزرگوں اور بچوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ حکام کے مطابق عوام دوست پولیسنگ کے فروغ اور شہریوں کو بہترین خدمات کی فراہمی کے لیے تربیتی عمل جاری رہے گا

بقیہ نمبر 23

ماحول فراہم کیا جا سکے۔ محکمہ صحت کی ٹیم نے مختلف مقامات کا تفصیلی معائنہ بھی کیا اور مچھروں کی ممکنہ افزائش گاہوں کے خاتمے کیلئے احتیاطی تدابیر سے متعلق ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ماہرین صحت کا کہنا تھا کہ موسم کی تبدیلی کے باعث ڈینگی اور ملیریا کے خطرات بڑھ جاتے ہیں، اس لیے شہریوں کو صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنا چاہیے اور گھروں و دفاتر کے اردگرد پانی کھڑا نہیں ہونے دینا چاہیے۔ نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال اور سیکرٹری ڈاکٹر فرقان راؤ نے محکمہ صحت کی اس کاوش کو سراہتے اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ارشاد علی جوکھیو اور ڈی سی اسلام آباد عرفان نواز میمن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اسلام آباد کو ڈینگی سے بچاؤ کیلئے احسن اقدامات اٹھا رہے ہیں، صحافی برادری کے تحفظ اور صحت مند ماحول کی فراہمی کیلئے ایسے اقدامات انتہائی اہم ہیں۔ این پی سی قیادت نے اسپرے ٹیم اور محکمہ صحت کے تعاون پر شکریہ بھی ادا کیا

بقیہ نمبر 24

گئی ہیں۔ مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی کے عہدیداران کا کہنا ہے کہ جشن میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں منعقد ہونے والا یہ عظیم الشان جلوس عشق رسول ﷺ، عقیدت و محبت اور اتحاد امت کا بھرپور مظہر ہوگا۔ جلوس میں علماء کرام و مشائخ عظام، نعت خواں حضرات، مذہبی و سماجی شخصیات، تاجر برادری، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ جلوس کے راستوں کو خوبصورت جھنڈیوں، بینرز، آویزاں قمقموں اور سبز پرچموں سے سجایا جائے گا جبکہ مختلف مقامات پر استقبال کے لیے استقبالیہ کیمپ بھی قائم کیے جائیں گے۔ شرکاء جلوس درود و سلام، نعت رسول مقبول ﷺ اور ذکر و اذکار کے ذریعے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کریں گے۔ مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی کے صدر شیخ محمد ناصر علی نے کہا کہ جشن میلاد النبی ﷺ ہمارے ایمان، محبت رسول ﷺ اور عقیدت کا مظہر ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے رحمت کا پیغام لے کر آئی۔ ہمیں چاہیے کہ جشن میلاد کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ، اخلاق حسنہ، عدل، رحم، اخوت، رواداری اور انسانیت سے محبت کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ جلوس میلاد کا مقصد صرف خوشی اور عقیدت کا اظہار نہیں بلکہ پیغام مصطفیٰ ﷺ کو عام کرنا، اتحاد و یکجہتی کو فروغ دینا اور نئی نسل کو سیرت طیبہ ﷺ سے روشناس کرانا بھی ہے۔ کمیٹی کے مطابق جلوس کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ شرکاء کی سہولت، نظم و ضبط، صفائی، ٹریفک کی روانی اور دیگر ضروری امور کے لیے متعلقہ اداروں اور انتظامیہ سے بھی مکمل رابطے ہیں۔ علماء و مشائخ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ جشن میلاد النبی ﷺ کے جلوس میں بھرپور شرکت کریں، نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں اور محبت، امن، اخوت اور بھائی چارے کا عملی پیغام عام کریں۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے اور آپ ﷺ کی سیرت پر عمل ہماری زندگی کی اصل کامیابی ہے۔ جشن میلاد النبی ﷺ کا یہ مبارک موقع ہمیں اس عہد کی تجدید کا پیغام دیتا ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو اسوۂ حسنہ ﷺ کے مطابق ڈھالنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ جلوس جشن میلاد النبی ﷺ میں بھرپور شرکت کر کے اسے محبت رسول ﷺ، امن، اتحاد اور اخوت کا عظیم الشان مظہر بنائیں

بقیہ نمبر 25

میں ووٹرز، تاجروں اور کاروباری برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے یونائیٹڈ الائنس کی قیادت اور امیدواروں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے الیکشن میں بھرپور کامیابی کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر یونائیٹڈ الائنس کے رہنماؤں اور امیدواروں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جہلم چیمبر کے الیکشن میں کامیابی یونائیٹڈ الائنس کے سنگ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر کی موجودہ قیادت اور ساتھیوں نے محض دعوے نہیں کیے بلکہ عملی طور پر کام کر کے دکھایا ہے۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ جہلم چیمبر کی شاندار بلڈنگ کی تعمیر، جہلم چیمبر کی اپنی ایپلیکیشن کا آغاز، ریکارڈ ممبر شپ اور کاروباری برادری کے لیے مختلف فلاحی و ترقیاتی اقدامات یونائیٹڈ الائنس کی کارکردگی کا واضح ثبوت ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد جہلم کی تاجر برادری کو ایک مضبوط، جدید اور موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونائیٹڈ الائنس میں جہلم کی کاروباری برادری کے مختلف دھڑوں، تجربہ کار رہنماؤں اور نوجوان کاروباری افراد کی بڑی تعداد شامل ہے۔ یہ اتحاد کسی ایک فرد یا گروپ کا نہیں بلکہ جہلم کی تاجر برادری کے وسیع تر مفاد کا اتحاد ہے۔ تقریب میں موجود ووٹرز نے کہا کہ جہلم چیمبر کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کرنے والوں کو ہی کامیابی ملنی چاہیے۔ شرکاء نے یونائیٹڈ الائنس کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کے روز بھی بھرپور انداز میں اپنے ووٹ کا استعمال کرتے ہوئے یونائیٹڈ الائنس کو کامیاب کرایا جائے گا۔ یونائیٹڈ الائنس کے رہنماؤں نے اس موقع پر تمام ساتھیوں، امیدواروں، ووٹرز اور تاجر برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام ساتھی جہلم چیمبر کی کامیابی کے سفر میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کی محنت، اعتماد اور تعاون ہی یونائیٹڈ الائنس کی اصل طاقت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کامیابی کے بعد چیمبر کو مزید بلندیوں تک لے جایا جائے گا، کاروباری برادری کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور جہلم کو ایک مضبوط کاروباری مرکز بنانے کے لیے اجتماعی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ پاور شو کے اختتام پر شرکاء نے یونائیٹڈ الائنس کے حق میں بھرپور نعرے بازی کی اور جہلم چیمبر کے انتخابات میں کامیابی کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 26

کے باعث پانی کی سپلائی متاثر ہے، جس سے شہریوں کو متبادل ذرائع سے مہنگے داموں پانی حاصل کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ واٹر سپلائی کے بل باقاعدگی سے وصول کیے جاتے ہیں، اس لیے نظام کی بروقت مرمت اور بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا بلدیہ کی ذمہ داری ہے۔ دوسری جانب متعدد گلی محلوں میں اسٹریٹ لائٹس بھی غیر فعال ہیں، جس کے باعث رات کے وقت آمدورفت میں مشکلات اور جرائم کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر و ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور محکمہ بلدیات کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لے کر واٹر سپلائی اور اسٹریٹ لائٹس کا نظام بحال کرنے، موٹروں کی مرمت و مینٹیننس کا موثر انتظام کرنے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 27

کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ نمائش میں معروف سینئر آرٹسٹ عظیم اقبال کے تخلیق کردہ فن پارے پیش کیے گئے، جن میں خوبصورت خطاطی کے ذریعے قرآن کریم کی آیات، اسمائے مبارکہ اور نعتیہ و اسلامی کلام کو فنکارانہ انداز میں اجاگر کیا گیا۔ نمائش نے اسلامی فنون لطیفہ اور خطاطی سے دلچسپی رکھنے والے شائقین کو اپنی جانب متوجہ کیا، جبکہ حاضرین نے فن پاروں کی فنی مہارت، خوبصورتی اور روحانی اثر کو بے حد سراہا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی محمد شکور نے مہمان خصوصی، معزز مہمانوں، فنکار اور نمائش میں شرکت کرنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر ایسی نمائشوں کا انعقاد نئی نسل کو اسلامی فنون، تہذیب و ثقافت اور حضور اکرم ﷺ سے محبت کے جذبات سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے سینئر آرٹسٹ عظیم اقبال کی کاوشوں کو بھی سراہا اور کہا کہ پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی آئندہ بھی فنون لطیفہ اور ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایسی بامقصد تقریبات کا انعقاد جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 28

کو بحفاظت زندہ کنویں سے نکال لیا جبکہ دوسرے شخص کو نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق دوسرا شخص بعدازاں جانبر نہ ہوسکا

بقیہ نمبر 29

اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں تھانہ چکلالہ، مندرہ اور جاتلی کے علاقوں میں کی گئیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا ہے کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ نمبر 30

کئے جائینگے، پی پی پی مری کے رہنماؤں اور کارکنوں کا کہنا ہے کہ مری کی موجودہ صورتحال اور پی پی پی کے کارکنوں کو نظر انداز کیے جانے کے حوالے سے بھی پی پی پی کی اعلیٰ قیادت کو آگاہ کیا جائیگا۔

بقیہ نمبر 31

دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں 17 ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے 389,1 گرام آئس، 21 بوتلیں شراب اور مختلف بور کے 11 پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق مجرمان اشتہاری، سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان اور عدالتی مفروران کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران مزید 5 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ "No to Weapon" مہم کے تحت غیر قانونی اسلحہ رکھنے، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں جبکہ اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ مجرمان کی گرفتاری کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دیں تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کرنے میں مدد مل سکے۔

بقیہ نمبر 32

کیے گئے ہیں، جبکہ ایمبولینسز، فائر و ریسکیو گاڑیاں اور دیگر ضروری وسائل تیار رکھے جائیں گے۔ شہری کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری طور پر ریسکیو 1122 سے رابطہ کریں۔ اہم جلوسوں اور اجتماعات کے روٹس پر ریسکیو اہلکاروں کی موجودگی یقینی بنائی جائے گی۔ تمام ریسکیو اسٹیشنز پر عملہ اور ضروری سامان ہمہ وقت الرٹ رکھا جائے گا۔ ریسکیو حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ نظم و ضبط کا مظاہرہ کریں اور ہنگامی صورتحال میں فوری اطلاع دیں

بقیہ نمبر 33

نے بتایا کہ واقعے میں جہاز پر سوار تمام افراد محفوظ ہیں اور کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ حکام کے مطابق حملے کے نتیجے میں سمندری ماحول کو بھی کسی نقصان کی اطلاع سامنے نہیں آئی۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے تاحال یہ واضح نہیں کیا کہ متاثرہ آئل ٹینکر کس ملک کی ملکیت ہے اور نہ ہی حملے کے ذمہ داروں کی شناخت سامنے آسکی ہے۔ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں جبکہ بحری جہازوں کو علاقے میں احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سعودی عرب کی بندرگاہ ینبع اس سے قبل بھی خطے میں جاری کشیدگی کے دوران حملوں کا نشانہ بنتی رہی ہے۔ خصوصاً یمن کے حوثی جنگجوؤں کی جانب سے سعودی تنصیبات اور بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کے دعوے ماضی میں سامنے آتے رہے ہیں۔ حوثیوں نے ماضی میں سعودی عرب کی جانب سے یمن پر مبینہ پابندیوں اور محاصرے کے جواب میں بحیرہ احمر میں سعودی جہازوں کو نشانہ بنانے کی دھمکیاں اور حملوں کے دعوے کیے تھے۔ تازہ واقعہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں تجارتی جہاز رانی کو سکیورٹی خدشات کا سامنا ہے۔ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی بحری تجارت اور تیل کی ترسیل کے حوالے سے بھی تشویش میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 34

اور میر رضا کی فیملی کے وکلا بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ تفتیشی افسر نے رپورٹ جمع کروانے کیلئے عدالت میں مزید مہلت کی درخواست دائر کردی جو عدالت نے منظور کرتے ہوئے 7 ستمبر تک رپورٹ جمع کروانے کا حکم دے دیا۔ مدعی کے وکیل ایڈووکیٹ دانیال حسین نے استفسار کیا کہ تفتیشی افسر بتائیں اب تک کیا پروگریس کی ہے، جس پر تفتیشی افسر نے بتایا کہ موبائل فون و دیگر اشیا کی فرانزک رپورٹ آنا باقی ہے۔ قبل ازیں مقتول نوجوان تاجر میر رضا کے والد میر حسین علی، بہن علیشہ اور والدہ مریم سندھ ہائیکورٹ پہنچے جہاں وہ جوڈیشل کمیشن کے قیام کے حوالے سے عدالت سے رجوع کریں گے۔ میر رضا علی کے والد میر حسین نے سندھ حکومت کی جانب سے کیس کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کے قیام پر اپنے تحفظات اور عدم اعتماد کا اظہار کیا تھا۔ میر حسین علی کا گزشتہ روز کہنا تھا کہ وہ اس سلسلے میں پیر کی صبح سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کریں گے اور عدالت سے میر رضا کیس کی جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم بنانے کی درخواست کریں گے۔ اس سے قبل میر رضا علی کی بہن علیشہ نے ویڈیو پیغام میں کہا تھا کہ جوڈیشل کمیشن کے قیام کے فیصلے سے متعلق میڈیا سے معلوم ہوا جوڈیشل کمیشن کے قیام کے فیصلے سے متعلق ہمیں آگاہ نہیں کیا گیا اور نہ ہی ہمیں ٹرم اینڈ ریفرنس بتائے گئے ہیں کہ کس بنا پر جوڈیشل کمیشن بنایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس کو 24 اگست کو عدالت میں رپورٹ جمع کرانی تھی اب تک اگر رپورٹ سامنے نہیں آئی تو کس بنیاد پر اس فیصلے کو لیا جا رہا ہے، کیا انہیں پہلے سے علم ہے کہ رپورٹ میں کیا ہے؟، کیا رپورٹ سے متفق یا غیر متفق ہیں؟، جوڈیشل کمیشن کے قیام کے فیصلے کا اصل گراؤنڈ کیا ہے ہمیں نہیں بتایا گیا ہے۔ میر رضا کی بہن نے کہا کہ ہم جوڈیشل کمیشن کے فیصلے کے ساتھ نہیں کھڑے، ہم شروع سے کہہ رہے ہیں ہمیں جوڈیشل کمیشن پر اعتراض ہے۔ ہم اس فیصلے کو مسترد کرتے ہیں ہمارا واحد مطالبہ جے آئی ٹی کی تشکیل ہے تا کہ کیس کی تحقیقات آگے بڑھ سکے۔

بقیہ نمبر 35

پہنچنے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی اور دیگر اعلیٰ سول و عسکری حکام نے استقبال کیا۔

بقیہ نمبر 36

جبکہ مقامی قرضوں کے اخراجات میں کمی نے حکومت کی مالیاتی پوزیشن کو بہتر بنانے میں کردار ادا کیا ہے۔ موڈیز کے مطابق پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر جولائی 2026 کے اختتام تک تقریباً 17 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، جو ایک سال قبل 14 ارب ڈالر سے زائد تھے۔ ذخائر میں یہ اضافہ ملک کی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت اور مالیاتی استحکام کے لیے مثبت پیش رفت قرار دیا گیا ہے۔ ریٹنگ ایجنسی کا کہنا ہے کہ پاکستان کی قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت میں بھی بہتری آئی ہے۔ پالیسی ریٹ میں کمی کے باعث مقامی قرضوں کے اخراجات میں کمی واقع ہوئی، جبکہ مالی سال 2026 میں سودی اخراجات حکومتی آمدن کے تقریباً 35 فیصد تک آگئے۔ موڈیز نے پاکستان کی جانب سے عالمی مالیاتی منڈیوں تک دوبارہ رسائی کو بھی مثبت پیش رفت قرار دیا۔ ریٹنگ ایجنسی کے مطابق پاکستان نے رواں سال اپریل میں 750 ملین ڈالر کا یورو بانڈ جاری کیا، جو عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد اور بیرونی مالیاتی رسائی میں بہتری کی عکاسی کرتا ہے۔ موڈیز کا کہنا ہے کہ گورننس میں بہتری پاکستان کو اپنی بہتر ہوتی بیرونی مالیاتی پوزیشن سے حاصل ہونے والے فوائد برقرار رکھنے میں مدد دے سکتی ہے۔ بہتر کریڈٹ ریٹنگ سے پاکستان کے لیے عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی اور مستقبل میں قرض حاصل کرنے کی شرائط میں بھی بہتری آنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 37

دوران خطاب کر رہے تھے۔ چینی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہوں نے پاکستان کے بنیادی ڈھانچے اور سمندری ترقی میں چین کی مسلسل دلچسپی کو سراہا۔ صدر نے کہا کہ کیٹی بندر ایک اضافی میری ٹائم گیٹ وے کے طور پر قابل ذکر صلاحیت رکھتا ہے جو پاکستان کی بندرگاہ اور لاجسٹک نیٹ ورک کو مضبوط بنا سکتا ہے اور زیادہ سے زیادہ رابطوں اور تجارت میں معاونت کر سکتا ہے۔ انہوں نے چینی فریق اور متعلقہ پاکستانی حکام کے درمیان قریبی تکنیکی ہم آہنگی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی پائیداری کو ایک کلیدی خیال رہنا چاہیے، خاص طور پر انڈس ڈیلٹا کے نازک ماحولیاتی نظام کا تحفظ اور مقامی ماہی گیری برادریوں کے مفادات اور معاش۔ انہوں نے ماسٹر پلان کو مزید بہتر بنانے اور ایک مناسب نفاذ اور فنانسنگ فریم ورک کی نشاندہی کرنے کے لیے مسلسل تکنیکی مصروفیات کی حوصلہ افزائی کی۔ چینی وفد نے کیٹی بندر پورٹ کے لیے تصوراتی ماسٹر پلان پیش کیا، جس میں ایک سے زیادہ ٹرمینلز، لاجسٹکس اور معاون انفراسٹرکچر کے ساتھ ایک نئے گہرے پانی کے سمندری گیٹ وے کا تصور کیا گیا۔ مجوزہ فیز-I کی ترقی میں 500 میٹر کے راستے کے ساتھ ایک کثیر مقصدی ٹرمینل شامل ہے، جس کی ابتدائی انجینئرنگ لاگت کا تخمینہ تقریباً 522-34 ملین امریکی ڈالر ہے۔ چینی وفد میں پاکستان میں CHEC کے چیف نمائندے وو پنگ، مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ وانگ زونگڈے اور سو ٹیلین، انجینئر علی رضا، اسٹریٹجی اینڈ مارکیٹنگ کے جی ایم کے ساتھ شامل تھے۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سینیٹرز سلیم مانڈوی والا اور شیری رحمان، سندھ کے وزیر برائے توانائی پی اینڈ ڈی ناصر حسین شاہ، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ سید قاسم نوید قمر اور چیف سیکریٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 38

کہیں جا سکتا، دیکھنا ہوگا کہ ہم کہاں کھڑے ہیں، ہماری رینکنگ کیا ہے، ایسے وقت میں صوبوں کو توڑ رہے ہیں جب مشکل صورتحال ہے، صوبوں کے حوالے سے نہ ماحول ہے نہ تیاری ہے۔ اجلاس میں محمود اچکزئی، راجا ناصر عباس، مولانا فضل الرحمن، بیرسٹر گوہر اور دیگر شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 39

صحت مند بحث کا آغاز خوش آئند پیشرفت ہے، تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو نئے صوبوں کے معاملے پر ہونے والی بحث کا حصہ بننا چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ بھارت نے 1950 میں صوبوں سے متعلق ایک کمیشن تشکیل دیا اور اس حوالے سے فیصلے کیے، بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے۔ ان کا کہنا ہے اگر نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے بہترین مفاد اور انتظامی بہتری کے لیے ضروری ہے تو انہیں ضرور بنایا جانا چاہیے۔ تاہم اگر یہ خدشہ ہو کہ نئے صوبوں کے قیام سے مزید تقسیم یا انتشار پیدا ہوگا تو اس معاملے پر مختلف آراء سامنے آسکتی ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اس حساس معاملے کو کھلے دل کے ساتھ صحت مند بحث، مشاورت اور اتفاق رائے کے ذریعے آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر صرف پاکستان اور اس کے عوام کے مفادات کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 40

سے پاکستان کی عزت بڑھی ہے، پوری دنیا پاکستان کے ثالثی کے کردار کو تسلیم کرتی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ جو لوگ ایوان میں حکومت کو شرمندہ کرتے ہیں، بطور کسٹوڈین آف دی ہاؤس میری ذمہ داری ہے کہ محنت کرنے والوں کی محنت ضائع نہ ہو، وقفہ سوالات میں متعلقہ وزرا اور سیکرٹریز موجود نہ ہوں تو سختی کرنا پڑتی ہے۔ ایاز صادق نے کہا کہ پی ٹی آئی والے مجھ سے ملتے رہتے ہیں، پیپلز پارٹی اور حکومت کے درمیان پہلے بھی بطور ثالث بات چیت میں شامل تھا، اب بھی ہوں، دونوں جماعتوں کے ایک دوسرے کے ساتھ ایشوز ہیں، امید ہے وہ حل ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو کمیٹیوں میں واپس آنا چاہیے لیکن انہوں نے میدان کھلا چھوڑا ہوا ہے

بقیہ نمبر 41

طور پر بند کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا، آبنائے ہرمز سے 70 لاکھ سے ڈیڑھ کروڑ بیرل تیل روزانہ نکال رہے ہیں۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ ایران کی جانب سے توانائی بحران پیدا کرنے کی کوشش ناکام بنانے پر کام کر رہے ہیں، تیل اور گیس کی تجارت کا گلا گھونٹنے کی ایرانی کوشش کی قیمت تہران سے وصول کریں گے، ایران شدید دباؤ میں ہے۔

بقیہ نمبر 42

زائد رہنے کا امکان ہے۔ پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن کے بانی اور چیئرمین ابراہیم امین کے مطابق پاکستان دنیا کی چوتھی ابھرتی ہوئی فری لانسنگ مارکیٹ کے طور پر سامنے آیا ہے، گزشتہ مالی سال پاکستانی فری لانسرز کی برآمدی آمدن 76.1 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئی تھی جبکہ رواں مالی سال کے ابتدائی پہلے ماہ جولائی میں پاکستانی فری لانسرز نے 17 ملین ڈالر کی برآمدی آمدن حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے پاکستانی فری لانسرز کی اس کامیابی کا جشن منانے کیلئے 29 اگست کو گورنر ہاؤس کراچی میں ایک تقریب کا اہتمام کیا ہے، جہاں وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن مس شزہ فاطمہ خواجہ پاکستانی فری لانسرز کی حوصلہ افزائی کیلئے موجود ہوں گی۔ History انہوں نے حکومت سے یوٹیوب پر فعال تعلیمی پلیٹ فارمز پر عائد 5 فیصد ٹیکس سے استثنیٰ دینے یا اسے ایک فیصد کرنے کا بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ تفریحی اور تعلیمی پلیٹ فارمز کو ایک ہی کیٹگری میں رکھنا درست نہیں۔ ابراہیم امین نے کہا کہ پاکستانی فری لانسرز کی تعداد 30 لاکھ سے زائد ہے اور حکومت کی معاون پالیسیوں کے نتیجے میں اس تعداد میں مزید اضافہ ممکن ہے جو پاکستانی آئی ٹی خدمات کی آمدن میں بھی مزید اضافے کا باعث بنے گی۔

بقیہ نمبر 43

شکار ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے اس شعبے میں مالی استحکام کے لیے اصلاحات تیز کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ توانائی کے شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ سرکلر ڈیٹ روکنے کے لیے ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 44

کیے جا رہے ہیں، جن کا مقصد تہران کو عالمی اقتصادی اور تجارتی نظام سے مزید تنہا کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 45

بتایا گیا ہے کہ شہری ایک لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس اور مختلف مارجنز ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ اسی طرح ہائی اسپیڈ ڈیزل پر یہ اضافی بوجھ 122 روپے 47 پیسے فی لیٹر تک پہنچ چکا ہے جو کہ صارفین کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 46

اسنیچنگ کی وارداتیں کرتا تھا۔ زیر حراست پولیس اہلکار اپنے یونٹس میں موجود اثر و رسوخ اور تعلقات استعمال کر کے ریحان کی مدد کرتے رہے۔ تفتیش میں یہ بھی سامنے آیا کہ پولیس اہلکار ٹارگٹ کلر ریحان کی ضمانت پر رہائی اور اس کا ریکارڈ ختم کروانے میں مدد کرتے تھے۔

بقیہ نمبر 47

میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت معمول سے کم رہی۔

بقیہ نمبر 48

خلاف ورزی کرنے والے بحری جہازوں کو آئندہ اس آبی گزرگاہ سے گزرنے پر پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اتھارٹی نے سرکاری ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں کہا خلاف ورزی کرنے والے جہازوں کے خلاف جرمانہ، حراست یا ضبطگی سمیت مختلف اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 49

وے ایکسپو کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کینیڈین حکام کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہوئے ہیں اور کینیڈین وفود جلد پنجاب کا دورہ کریں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ٹیکسٹائل، سویابین، چمڑا اور مختلف پاکستانی مصنوعات کی برآمد کے حوالے سے اجلاس ہوئے ہیں، ہم کینیڈا نمک بھی برآمد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے 90 فیصد سرجری کے آلات پہلے ہی امریکا اور کینیڈا برآمد ہوتے ہیں۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے کہا کہ کینیڈا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی سے مل کر بڑی خوشی ہوئی ہے، ہائی کمشنر محمد سلیم، قونصل جنرل خلیل باجوہ اور ان کی ٹیم بڑا اچھا کام کر رہی ہے۔ قبل ازیں کینیڈا گیٹ وے ایکسپو سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پنجاب میں ملکی اور غیر ملکی صنعت کاروں کے لیے ٹیکس فری زون قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ہر قسم کی سہولت اور تحفظ فراہم کر رہی ہے

بقیہ نمبر 50

کرتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کو ہدایت کی کہ وہ محکمانہ ترقی سے متعلق اپیل کا فیصلہ تین ماہ میں کرے۔ عدالت نے قرار دیا کہ اگر اپیل کنندہ دوران مقدمہ فوت ہوجائے تو اس کے قانونی ورثا مقدمے کو آگے بڑھا سکتے ہیں، خصوصاً جب زیر تنازع معاملے سے حاصل ہونے والے فوائد قانونی ورثا کو مل سکتے ہوں۔ اپیل کنندہ کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عبدالحق ایف بی آر میں اپر ڈویژن کلرک کے عہدے پر تعینات تھا، 1995 میں اسی عہدے کے 15 ملازمین کو ترقی دے کر سپروائزر بنا دیا گیا، تاہم عبدالحق کو ترقی کی فہرست میں نظر انداز کر دیا گیا۔ وکیل کے مطابق عبدالحق نے چیف کمشنر انکم ٹیکس کو درخواست دی، جس کے نتیجے میں اسے سال 2000 میں ترقی دے دی گئی، بعدازاں اس نے چیف کمشنر انکم ٹیکس کے احکامات کو فیڈرل سروس ٹریبونل میں چیلنج کیا۔ وکیل نے بتایا کہ عبدالحق 13 جنوری 2019 کو انتقال کر گیا، جبکہ فیڈرل سروس ٹریبونل نے 16 جنوری 2019 کو اس کی درخواست داخل دفتر کر دی، فیڈرل سروس ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف عبدالحق کے بیٹے نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا۔ سپریم کورٹ نے معاملہ نمٹاتے ہوئے فیڈرل سروس ٹریبونل کو حکم دیا کہ وہ قانونی ورثا کی جانب سے دائر اپیل پر قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے تین ماہ کے اندر فیصلہ کرے۔

بقیہ نمبر 51

کے مطابق درخواست گزار بجلی کے بلوں کی باقاعدہ ادائیگی کرتا ہے، اگست کے بجلی بل میں بغیر کسی وضاحت کے غیر ضروری ٹیکسز شامل کیے گئے۔ عدالتی آرڈر میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار کے مطابق متعلقہ حکام نے انہیں بل کے بارکوڈ کو ڈی کوڈ کرنے کا کہا کہ بارکوڈ کو ڈی کوڈ کرنے پر پتا چلا کہ بجلی بل میں ایکسٹرا ٹیکس اور فردر ٹیکس وصول کیے گئے ہیں، جبکہ اس سے پہلے بھی بجلی کے بل میں یہ ٹیکسز شامل نہیں کیے گئے تھے۔ پشاور ہائیکورٹ نے عوامی ریلیف اور قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے درخواست کی مزید سماعت 2 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 52

براہ راست اور بالواسطہ اخراجات تقریباً 5 ارب ڈالر روزانہ ہیں۔ سابق ایرانی نائب وزیر خارجہ کے مطابق رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکا کی جانب سے ہر روز کی جانے والی براہ راست فوجی کارروائی پر 2 ارب ڈالر خرچ ہوتے ہیں، جبکہ بالواسطہ اخراجات مزید 3 ارب ڈالر روزانہ بنتے ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی اندازہ لگایا گیا تھا کہ امریکا کو ہر روز 8 ارب ڈالر کے معاشی فوائد سے محرومی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کا اثر عام امریکی شہریوں اور ان دیگر لوگوں پر بھی پڑتا ہے جن کا اس تنازع سے کوئی تعلق نہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ امریکا کو ایران کی تیل کی تجارت میں مداخلت کا کوئی حق نہیں، بہت سے ممالک عملی طور پر ایران کے ساتھ اپنے تعلقات اور لین دین جاری رکھے ہوئے ہیں، اگرچہ وہ باضابطہ طور پر اس کا اعلان نہیں کرتے، اس جنگ نے صرف امریکی عوام اور مغربی ممالک پر اضافی معاشی بوجھ ڈالا ہے۔

بقیہ نمبر 53

سے شروع کیے اور اب 2018 تک پہنچ گئے ہیں، اگر کوئی وکیل 2022 کے کیسز میں التوا مانگے گا تو ہم التوا دیں گے تاہم پرانے کیسز میں التوا نہیں دیں گے۔ بینچ نے کمشنر ان لینڈ ریونیو، لاہور کی جانب سے ایم ایس مغل انجینئرنگ ورکس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی وکیل صبا سعید کی جانب سے التوا کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ صدر سپریم کورٹ بار ہارون الرشید کا کہنا تھا کہ میں اپنا موقف پہلے ہی عدالت کو دے چکا ہوں۔ پہلے صدر سپریم کورٹ نے چیف جسٹس کے طلب کرنے پر کہا تھا کہ جو وکیل التوا کی درخواست دائر کرتا ہے اسے جرمانہ کریں۔ بینچ نے وکیل کی جانب سے التوا کی درخواست مسترد کرتے ہوئے کیس عدم پیروی پر خارج کر دیا۔ جبکہ بینچ نے ایم ایکس آئیڈیل سوئس بیکرز اینڈ نمکو، فیصل آباد کی جانب سے کمشنر ان لینڈ ریونیو فیصل آباد کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل شہباز بٹ کی جانب سے التوا کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ چیف جسٹس نے دوبارہ صدر سپریم کورٹ بار کو روسٹرم پر طلب کرتے ہوئے کہا کہ یہ کیس 2023 کا ہے اس میں ہم التوا دے رہے ہیں، اس میں کوئی مسئلہ نہیں۔ بینچ نے التوا کی درخواست منظور کر لی۔

بقیہ نمبر 54

ممتاز زہری نے مسلم عائلی قوانین میں ترمیم کا بل پیش کیا، بل والدین کی دیکھ بھال سے متعلق ہے، بل متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ صنعتی تعلقات ترمیمی بل 2026 بھی سینیٹ میں پیش کر دیا گیا، بل سینیٹر کامران مرتضیٰ نے پیش کیا جسے متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ پاکستان پینل کوڈ میں ترمیم کا بل بھی ایوان میں پیش کیا گیا، بل سینیٹر سرمد علی نے پیش کیا، بل متعلقہ کمیٹی کو سونپ دیا گیا۔ عائلی عدالتیں ترمیمی بل 2026 سینیٹ میں پیش کیا گیا، بل سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پیش کیا، بل متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔ فوجداری قوانین ترمیمی بل 2026 بھی ایوان میں پیش کیا گیا، بل سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے پیش کیا، بل متعلقہ کمیٹی کو سونپ دیا گیا۔ انسداد عصمت دری ترمیمی بل 2026 ایوان میں پیش کیا گیا، بل سینیٹر بشریٰ انجم بٹ نے پیش کیا، بل متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

بقیہ نمبر 55

مذاکرات کو جاری رکھنے کے لیے آج (منگل کو) تہران کا دورہ کریں گے۔ دورے کے دوران آبنائے ہرمز پر مزید بات چیت کی ہوگی۔ دوسری جانب ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے رپورٹ کیا کہ بغداد کی جانب سے مختلف چینلز کے ذریعے بار بار کی درخواستوں کے بعد ایران نے متعدد عراقی آئل ٹینکروں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دے دی ہے۔

بقیہ نمبر 56

صوبہ سندھ کے امور اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو ہوئی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی معاملات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں سیاسی رواداری اور مشاورت قائم رکھنے پر اتفاق ہوا۔

بقیہ نمبر 57

پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف ایس سی او سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے 31 اگست کو بشکیک پہنچیں گے۔ وزیر اعظم کا یہ دورہ خطے میں علاقائی تعاون، باہمی روابط اور مشترکہ مفادات سے متعلق امور کے حوالے سے اہمیت کا حامل قرار دیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایس سی او سربراہی اجلاس میں روس، چین اور ایران کے صدور جبکہ بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی سمیت رکن ممالک کے سربراہان شرکت کریں گے۔ یکم ستمبر ہی کو ایس سی او پلس اجلاس بھی منعقد ہوگا، جس میں تنظیم کے رکن ممالک کے علاوہ شراکت دار ممالک کے سربراہان شرکت کریں گے۔ ایس سی او پلس اجلاس میں ترکیہ، بیلاروس، منگولیا، آذربائیجان، آرمینیا اور ٹوگو کے سربراہان کی شرکت بھی متوقع ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف ایس سی او کے سربراہی اجلاس میں پاکستان کا موقف پیش کریں گے اور علاقائی امن و استحکام، معاشی تعاون، تجارت، رابطوں کے فروغ اور رکن ممالک کے درمیان تعاون سے متعلق امور پر اظہار خیال کریں گے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے دورہ بشکیک کے دوران مختلف ممالک کے سربراہان اور اعلیٰ حکام سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی متوقع ہیں، جن میں باہمی تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی صورتحال اور مشترکہ مفادات کے امور زیر بحث آسکتے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف 2 ستمبر کو کرغزستان کا دوطرفہ دورہ بھی کریں گے۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا۔ وزیر اعظم کی ایس سی او اجلاس میں شرکت پاکستان کی جانب سے کثیر الجہتی سفارت کاری، علاقائی تعاون اور وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ روابط مزید مضبوط بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم پاکستان کے لیے علاقائی تجارت، توانائی، ٹرانسپورٹ اور اقتصادی رابطوں کے فروغ کے حوالے سے بھی اہم پلیٹ فارم ہے

بقیہ نمبر 58

صورت حال کو قریب سے مانیٹر کرے گا۔ لین جیان نے مزید کہا کہ اپنے جائز حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کریں گے۔

بقیہ نمبر 59

ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عدالت کا چھٹا سیشن جج فخر الدین العریان کی صدارت میں ہوا۔ بین الاقوامی قانونی اور انسانی تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ عبوری انصاف کے قومی کمیشن کے کئی ارکان نے سیشن میں شرکت کی۔ حسون کے مقدمے کی سماعت 25 جون کو شروع ہوئی۔ حسون کو جمہوریہ کے مفتی اعظم کے طور پر اپنے عہدے کا فائدہ اٹھانے اور معزول حکومت کے سربراہ بشار الاسد کے ساتھ ساتھ جنرل انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر علی مملوک، اعلیٰ فوجی افسران اور شام میں لڑنے والی فرقہ وارانہ ملیشیا کے رہنماؤں کے ساتھ سرکاری فریم ورک سے باہر وسیع تعلقات قائم کرنے کا مجرم قرار دیا گیا۔ ان الزامات میں سابق حکومت کی فوج کے ارکان اور افسران کو مخالفین کے خلاف حکومت کی حمایت کرنے پر اکسانا شامل تھا۔ انہوں نے باغیوں کے زیر قبضہ علاقوں میں شہریوں اور حکومت کی بربریت سے فرار ہونے والے پناہ گزینوں کے خلاف تشدد پر اکسانے والے میڈیا بیانات بھی دیے۔ حسون کی اشتعال انگیزی خاص طور پر مشرقی حلب اور ادلب پر مرکوز تھی، اور اس نے حکومت کی فوج سے ان علاقوں کو تباہ کرنے کا مطالبہ کیا

بقیہ نمبر 60

بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ 11 اور 12 ربیع الاول کو دھرنوں کے مقامات پر سیرت کانفرنسیں منعقد کی جائیں گی، جبکہ 13 ربیع الاول کو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ممکنہ طور پر ہڑتال ستمبر کے پہلے ہفتے میں ہوگی۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکومت نے ایک مرتبہ پھر چینی برآمد کرنے کی اجازت دی ہے، پہلے چینی درآمد کی گئی اور اب اسے برآمد کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح حکومت نے گندم کی برآمد کی اجازت بھی دی ہے جس سے ان کے بقول گندم کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 61

نے ممکنہ خطرے کے پیش نظر حکومت سے فوری حفاظتی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 62

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت، بحرین اور عمان سمیت خلیجی ممالک سے 21 ہزار 951 پاکستانی شہری مختلف وجوہات کی بنا پر ڈی پورٹ کیے جا چکے ہیں۔ قومی اسمبلی میں پیش کیے گئے اعداد و شمار میں کہا گیا کہ ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانیوں میں غیر قانونی رہائش، منشیات، مفروری، اقامہ، ویزا اور امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد شامل ہیں۔ حکام نے کہا کہ یہ وہ پاکستانی شہری ہیں جنہیں متعلقہ ممالک نے حراست میں لینے کے بعد پاکستانی سفارتخانوں سے ایمرجنسی سفری دستاویزات بنوا کر واپس بھیجا، جبکہ اپنی مرضی سے وطن واپس آنے والے افراد اس تعداد میں شامل نہیں ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ ہر ڈی پورٹیشن کی وجہ ایک جیسی نہیں، بلکہ مختلف کیسز میں ویزا، رہائش، امیگریشن اور دیگر مقامی قوانین کی خلاف ورزی جیسے عوامل شامل ہیں۔ دوسری جانب حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ کے لیے اسلام آباد اور پنجاب کے تمام 36 اضلاع میں خصوصی عدالتیں فعال کر دی ہیں۔

اسلام آباد ہاکی کوچنگ کے آغاز پر طاہر شیرازی، احسان بابر، محمد زاہد واپڈا اور محمد جلیل شریک ہیں

عید میلاد النبیؐ اتحادِ امت کا عظیم مظہر، ساجد عباسی

عہد کرنا ہوگا ہم محروم طبقات کی مدد کو اپنا شعار بنائیں گے

آپؐ کی سیرتِ طیبہ، اعلیٰ کردار، اخلاق اور تعلیمات کو زندگیوں میں اپنانے کا پیغام دیتی ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا ہے کہ عید میلاد النبی ﷺ مسلمانوں کے لیے انتہائی بابرکت اور عظیم دن ہے۔ یہ دن ہمیں نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت کی خوشی منانے کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ، اعلیٰ کردار، اخلاق اور تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں اپنانے کا پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ پوری انسانیت کے لیے رحمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مری، سیاحوں کی کار گہری کھائی میں جا گری

مری (بیورو رپورٹ) گذشتہ شب اپر جھیکا گلی روڈ نزد جامع مسجد فائر بریگیڈ سڑک کنارے سیفٹی وال نہ ہونے کی وجہ سے سیاحوں کی کار موڑ کاٹتے ہوئے گہری کھائی میں جا گری جس کے نتیجہ میں 5 افراد زخمی 2 کی حالت انتہائی تشویشناک فائر بریگیڈ کے قریب سیاحوں کی گاڑی حادثے کا شکار، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 مری امدادی ٹیمیں فوری موقع پر پہنچ گئیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلہ میں مسجد کو خوبصورت برقی قمقموں سے سجایا گیا ہے

قیمتی جانوں سے کھیلنے والوں سے رعایت نہیں برتی جائے گی، پنجاب فوڈ اتھارٹی

تمام ونگز کی کارکردگی اور اعلیٰ انتظامات کو سراہتے ہوئے افسران و عملے کو محنت اور لگن سے کام جاری رکھنے کی ہدایت

ڈائریکٹر آپریشنز اتھارٹی کا راولپنڈی دفتر کا دورہ، تمام شعبہ جات کا معائنہ، ملاوٹ مافیا کے خاتمے کا عزم، اعجاز احمد

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پنجاب فوڈ اتھارٹی میں بطور ڈائریکٹر آپریشنز نارتھ چارج سنبھالنے کے بعد اعجاز احمد نے پی ایف اے راولپنڈی کے دفتر کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے آپریشنز ونگ، پبلک ریلیشنز (پی آر) ونگ، لائسنسنگ ونگ، ٹریننگ ونگ اور میڈیکل اسکریننگ ونگ لیبارٹری سمیت تمام شعبہ جات کے کام کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران تمام ونگز کے سربراہان نے ڈائریکٹر آپریشنز کو اپنے اپنے شعبہ جات کی کارکردگی اور ورکنگ کے حوالے سے تفصیلی اور بیٹنیشن بریفنگ دی۔ اعجاز احمد نے تمام ونگز کی کارکردگی اور اعلیٰ انتظامات کو سراہتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

گوجر خان کے مراکز صحت، ایک روز میں 24 محفوظ زچگیاں

ماں اور بچے کی صحت پر خصوصی توجہ دی جا رہی، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر احسان غنی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان کے مراکزِ صحت کی نمایاں کارکردگی، 24 گھنٹوں میں 21 محفوظ زچگیاں، مریم نواز ہیلتھ کلینکس میں طبی خدمات کا دائرہ وسیع، گوجر خان کے بنیادی مراکزِ صحت میں طبی سہولیات کی مؤثر فراہمی اور خصوصاً ماں اور بچے کی صحت پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، سی ای او ہیلتھ راولپنڈی ڈاکٹر احسان غنی تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجر خان کے سرکاری مراکزِ صحت میں ماں اور بچے کی صحت سمیت بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے نمایاں کارکردگی سامنے آئی ہے، جہاں ایک ہی روز مختلف مریم نواز ہیلتھ کلینکس اور ہسپتالوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی آرٹس کونسل جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں خطاطی نمائش کا انعقاد

نبیؐ کی سیرتِ طیبہ اور تعلیمات کامل رہنمائی، خطاطی جیسے فنون اسلامی تہذیب و ثقافت کے حسین پہلوؤں کا مؤثر ذریعہ ہیں

آئندہ بھی فنونِ لطیفہ، ثقافتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ایسی بامقصد تقریبات کا انعقاد جاری رکھا جائیگا، چیئرمین راجہ حنیف

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیرِ اہتمام جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک شاندار خطاطی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی چیئرمین سی ایم آئی ٹی راجہ محمد حنیف نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرتِ طیبہ اور تعلیمات ہمارے لیے کامل رہنمائی کا ذریعہ ہیں، جبکہ خطاطی جیسے فنون اسلامی تہذیب و ثقافت کے حسین پہلوؤں کو اجاگر کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے نمائش کے انعقاد کو سراہتے ہوئے فنکاروں اور پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پاکستان گکھڑ فیڈریشن کے زیر اہتمام یوم آزادی روڈ ریس کا انعقاد

پوٹھوہار کے تاریخی ورثے کے تحفظ اور گکھڑ تاریخ و ثقافت کے فروغ کا عزم

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) پاکستان گکھڑ فیڈریشن کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے زیر اہتمام یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں پوٹھوہار کے تاریخی مقام فری والا قلعہ میں تین کلومیٹر اوپن روڈ ریس کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد علاقے کے تاریخی، ثقافتی اور تہذیبی ورثے کو اجاگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سابقہ دشمنی پر شہری کو قتل کرنے والے 4 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): جاتلی پولیس نے سابقہ دشمنی پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان رواں سال اپریل سے قتل کے مقدمہ میں مطلوب تھے۔ پولیس نے ٹیکنیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی پولیس کی منشیات کیخلاف کارروائیوں میں پکڑی گئی چرس

اسلام آباد پولیس کے گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز

16 مشکوک افراد اور 19 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے سلسلے میں وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کیے۔ پولیس کے مطابق آپریشنز کے دوران 419 افراد 220 گھروں 65 دکانوں 19 ہوٹلوں 161 موٹر سائیکلوں اور 68 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ جانچ پڑتال کے لیے 16 مشکوک افراد اور 19 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر زونل ایس پیز کی زیر نگرانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پولیس لائنز میں کھلی کچہری شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کی ہدایت

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ اور ایس پی ہیڈکوارٹرز محمد سلیم خٹک نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے گئے۔ سینئر پولیس افسران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ڈی پی او مری کی چوکی باڑیاں اور مری میں کھلی کچہریاں

عوامی شکایات کے ازالے میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تنویر سپرا

مری (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری رضا تنویر سپرا نے چوکی باڑیاں اور تھانہ مری میں الگ الگ کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں اور اہلِ علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز ڈی پی او مری کے سامنے پیش کیں، ڈی پی او مری نے کھلی کچہریوں میں عوام کی شکایات اور مسائل کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ پولیس افسران کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مری میلاد النبیؐ کا جلوس غیر سیاسی ہوگا، وفاء الحق بخاری

مری (بیورو رپورٹ) مرکزی میلاد و سیرت کمیٹی تحصیل مری کے سرپرست اعلیٰ سید وفاء الحق بخاری اور صاحبزادہ تسنیم سلطان چشتی خطیب مرکزی جامع مسجد غوثیہ مری نے اپنے بیان کہا ہے کہ میلاد النبی ﷺ کے مرکزی جلوس کے حوالے سے کہا ہے ہم اس کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ٹی ایچ کیو مری، ایک سال میں 3 لاکھ مریضوں کا علاج

ایم ایس ڈاکٹر میاں اویس عالم نے سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کردی،

مری (نمائندہ خصوصی) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری میں ایک سال کے دوران 3 لاکھ سے زائد مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی گئی، ایم ایس تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری ڈاکٹر میاں اویس عالم نے ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کردی، رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران ہسپتال میں لاکھوں مریضوں کو مختلف طبی سہولیات فراہم کی گئیں رپورٹ کے مطابق 3 لاکھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

عوام دوست پولیسنگ کے لیے خصوصی تربیتی ورکشاپ

اہلکاروں کو اخلاقی اقدار، شہریوں سے شائستہ برتاؤ برتنے بارے لیکچرز دیئے گئے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں افسران و اہلکاروں کے رویوں میں مثبت تبدیلی اور عوام دوست پولیسنگ کے فروغ کے لیے خصوصی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی ایس پی ایڈمن شاہدہ یاسمین، ڈی ایس پی لیگل راشد بلال سمیت دیگر افسران نے پولیس اہلکاروں کو اخلاقی اقدار، شہریوں سے شائستہ برتاؤ اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے حوالے سے خصوصی لیکچرز دیے۔ ورکشاپ میں پولیس افسران و اہلکاروں کے علاوہ ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس، پی ایچ پی اور لیڈیز پولیس نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے دوران شہریوں سے مؤثر رابطے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

آزاد کشمیر: سحرش قمر ملک دوسری مرتبہ رکنِ اسمبلی منتخب

آل کشمیر فورم کے صدر ملک محمد ساجد اعوان کی مبارکباد

راولپنڈی: (پ ر) مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین آزاد کشمیر کی چیئر پرسن محترمہ سحرش قمر ملک دوسری مرتبہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی رکن منتخب ہوگئی ہیں۔ ان کی کامیابی پر سیاسی، سماجی اور عوامی حلقوں کی جانب سے مبارکباد اور نیک تمناؤں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس موقع پر آل کشمیر فورم کے صدر ملک محمد ساجد اعوان نے سحرش قمر ملک کو دوسری مرتبہ رکنِ اسمبلی منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی

مندرہ میں گہرے کنویں میں گرنے سے دو افراد شدید زخمی

، گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان مندرہ چکوال روڈ پر ہرنال پی ایس او پمپ کے قریب گہرے کنویں میں دو افراد گر گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی تین ایمرجنسی گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں اور ریسکیو آپریشن شروع کیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے ایک شخص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں 3 ملزمان گرفتار چرس شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ایک کلو 240 گرام چرس، 10 لیٹر شراب اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پیپلز پارٹی مری کے ورکرز آج اہم پریس کانفرنس کرینگے

مری (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل مری کے ورکرز آج 25 اگست کو مری میں عوامی مسائل کے حوالے سے ایک اہم پریس کانفرنس کرینگے، جس کی باضابطہ اطلاع مری پریس کلب کو کردی گئی ہے، اس پریس کانفرنس میں مری کے عوام کو درپیش مسائل اور کارکنوں کے حوالے سے اہم اعلانات بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن 22 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

گرفتار ملزمان میں عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاری بھی شامل

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث 22 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں عدالتی مفروران اور مجرمان اشتہاری بھی شامل ہیں۔ اسلام آباد پولیس کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر وفاقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مری، ڈی پی او رضا تنویر سپرا کھلی کچہریوں میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

اسلام آباد، مجسٹریٹ محسن جاوید غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے

اسلام آباد انتظامیہ ان ایکشن، 6 غیر قانونی پٹرول ایجنسیاں سیل

ایجنسیاں اوزان میں کمی اور ایکٹ "1975" کی صریح خلاف ورزی میں ملوث پائی گئیں

صارفین کو کم پیمائش یا ملاوٹ شدہ پیٹرول فراہم کرنیوالوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، محسن جاوید

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) اسلام آباد انتظامیہ ان ایکشن وفاقی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں اوزان و پیمائش کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر ضلعی انتظامیہ نے سخت کارروائی کرتے ہوئے 6 غیر قانونی و نا دہندہ پیٹرول ایجنسیوں کو موقع پر سیل کر دیا۔ انسپکٹر اوزان و پیمائش چوہدری محسن جاوید کی سربراہی میں ٹیم نے جھنگی سیداں، سیکٹر G-11، گولڑہ روڈ اور شاہ اللہ دتہ روڈ پر واقع مختلف پیٹرول ایجنسیوں اور پمپس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ چیکنگ کے دوران 6 پیٹرول ایجنسیاں اوزان میں کمی اور "اوزان و پیمائش ایکٹ 1975" کی صریح خلاف ورزی میں ملوث پائی گئیں۔ انسپکشن ٹیم نے فوری ایکشن لیتے ہوئے تمام چھ پیٹرول ایجنسیوں کو قانون کے مطابق سیل کر دیا اور مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ انسپکٹر چوہدری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

یوم فتح مبین مسلمانوں کی فتح اور منکرین ختم نبوت کی شکست کا دن، فدایان ختم نبوت فورم

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) بزرگان دین نے ہمیشہ اسلام کے پرچم کو بلند رکھا اور انگریزوں و یہودی لابی کو کبھی بھی برصغیر میں کامیاب نہیں ہونے دیا ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز فدایان ختم نبوت فورم پاکستان راولپنڈی کے ممبران شوریٰ نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ 25 اگست 1900 وہ تاریخی دن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سٹریٹ کرائم اور موٹرسائیکل چور گینگز کے کارندے گرفتار

قبضہ سے 6 مسروقہ موٹرسائیکلیں اور ایک لاکھ 95 ہزار روپے برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو گینگز کے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 12 مسروقہ موٹرسائیکلیں اور ایک لاکھ 95 ہزار روپے برآمد کرلیے۔ ٹیکسلا پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹرسائیکل چوری میں ملوث تین رکنی گینگ کے قبضہ سے 6 مسروقہ موٹرسائیکلیں اور ایک لاکھ 95 ہزار روپے برآمد کیے جبکہ گنجمنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

چینی وزیر اعظم اور اردن کے شاہ عبداللہ دوم کا تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

بیجنگ (صباح نیوز) چین کے وزیر اعظم لی چیانگ نے بیجنگ میں اردن کے شاہ عبداللہ دوم سے ملاقات کی، جس میں دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، گینگ سے پکڑے گئے موٹر سائیکل تھانہ بنی پولیس کی تحویل میں

سائبر خطرات، کیسپرسکی نیکسٹ میں مصنوعی ذہانت صلاحیتوں کا اضافہ

اسلام آباد (صباح نیوز) سائبر خطرات کی بہتر نشاندہی کے لیے کیسپرسکی نیکسٹ میں جدید مصنوعی ذہانت صلاحیتوں کا اضافہ۔ تازہ ترین کیسپرسکی تحقیق کے مطابق، ہر تین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

رحیم یار خان، خواتین کو جعلی تصاویر سے بلیک میل کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم سلمان غیر ملکی خواتین کی قابل اعتراض تصاویر بنا کر رقم کا مطالبہ کرتا تھا

لاہور (آئی این پی) خواتین کو نجی ڈیٹا اور قابل اعتراض جعلی تصاویر کے ذریعے بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ ڈائریکٹر این سی سی آئی اے پنجاب محمد علی وسیم کی ہدایات پر رحیم یار خان سے سائبر بلیک میلر محمد سلمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ملزم پر بیرون ملک ملازمت کے دوران خواتین کے نجی ڈیٹا اور تصاویر تک غیر مجاز رسائی حاصل کرنے کا الزام ہے۔ این سی سی آئی اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں 93 فیصد اضافہ

اسلام آباد (آئی این پی) کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے واجبات میں ایک سال کے دوران 93 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق دستیاب اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ جون 2026 تک کے الیکٹرک پر وفاقی حکومت کے مجموعی واجبات بڑھ کر 421 ارب روپے ہوگئے، جو جون 2025 کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

امریکہ، قرآن جلانیوالے شخص پر اسپائیڈر مین کا حملہ، ملزم گرفتار

دائیں بازو رہنما کی اسلام مخالف ریلی ناکام، پولیس اور مظاہرین میں جھڑپیں

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست مینیسوٹا کے شہر منیا پولس میں کیپیٹل ہل پر حملے کے متنازع کردار اور قرآن پاک نذرِ آتش کرنے کی کوشش کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

رحیم یار خان میں پولیس مقابلہ 50 لاکھ روپے سر کی قیمت والا بدنام زمانہ ڈاکو ہلاک

رحیم یار خان (آئی این پی) رحیم یار خان میں مبینہ پولیس مقابلے میں 50 لاکھ روپے سر کی قیمت والا بدنام زمانہ ڈاکو رضوان عرف عرفان شر ہلاک ہوگیا۔ تفصیل کے مطابق رحیم یار خان میں تھانہ اقبال آباد کی حدود میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 50 لاکھ روپے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بی جے پی حکومت کا علی گڑھ یونیورسٹی کی قیمتی زمین پر قبضہ

متنازعہ اراضی کے گرد باڑ لگا کر نصب شدہ بورڈ پر حکومت کی ملکیت کا دعویٰ کیا گیا

علی گڑھ (کے ایم ایس) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا کہنا ہے کہ اتر پردیش کی بی جے پی حکومت نے اس کی 8.3 ایکڑ سے زائد اراضی پر زبردستی قبضہ کرلیا ہے جس کی مالیت تقریباً 500 کروڑ روپے ہے۔ یہ معاملہ بھارت میں مسلمانوں کی املاک اور اداروں کو نشانہ بنائے جانے کے حوالے سے بڑھتے ہوئے خدشات کو اجاگر کرتا ہے۔ یونیورسٹی نے کہا کہ حکام نے 20 اگست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

نیشنل پریس کلب: ڈینگی اور ملیریا سے بچاؤ کیلئے اسپرے مہم

دفاتر، ہالز، راہداریوں اور دیگر اہم مقامات پر جراثیم کش اور مچھر مار اسپرے کیا گیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز ارشاد علی جوکھیو کی خصوصی ہدایات پر ڈینگی اور ملیریا جیسے موذی امراض کی روک تھام کیلئے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں خصوصی اسپرے مہم کا انعقاد کیا گیا۔ اس مہم میں انٹومولوجسٹ ڈاکٹر عبدالستار، سپروائزر علی حسن جبکہ اسپرے ٹیم کے ارکان قدرت اللہ، کاشف اور رضا اللہ نے حصہ لیا۔ اسپرے مہم کے دوران نیشنل پریس کلب کی عمارت، دفاتر، ہالز، راہداریوں اور دیگر اہم مقامات پر جراثیم کش اور مچھر مار اسپرے کیا گیا تاکہ صحافیوں، ملازمین اور آنے والے مہمانوں کو محفوظ اور صحت مند (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد، ماریشس کے سفیر منصور کریم بخش نیشنل پریس کلب میں میٹ دی پریس میں گفتگو کرتے ہوئے

راولپنڈی عید میلاد النبیؐ منانے کیلئے تیاریاں مکمل

جلوسِ شایانِ شان اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منعقد کیا جائے گا

راولپنڈی (پ ر) مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی کے عہدہ داران و صدر شیخ محمد ناصر علی و دیگر مرکزی عہدہ داران انجم پرویز بھٹی، ملک ساجد محمود، سائیں ملک اعجاز، محمود بنگش، ملک شوکت حیات، مرزا امجد جرال، شیخ جاوید، طارق جرال ایڈووکیٹ، شوکت بٹ، آغا حماد، چوہدری عمران مانی، ملک ندیم الحسن، پرویز غازی، ظہور بھٹی، ملک منیر، شاہد گل، سعید ضیائی، ارشد بنگیال نے کہا جلوسِ جشنِ میلاد النبی ﷺ شایانِ شان طریقے سے منایا جائے گا، تیاریاں مکمل جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی کے زیرِ اہتمام جلوسِ جشنِ میلاد النبی ﷺ شایانِ شان اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منعقد کیا جائے گا، جس کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کرلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

جہلم چیمبر یونائیٹڈ الائنس کا شاندار پاور شو، ووٹرز کی بھرپور شرکت

فلاحی و ترقیاتی اقدامات یونائیٹڈ الائنس کی کارکردگی کا ثبوت، رہنماؤں کا خطاب

جہلم (حاجی مخدوم حسین چوہدری سے) جہلم چیمبر آف کامرس کے انتخابات میں یونائیٹڈ الائنس کی انتخابی سرگرمیوں میں تیزی، ووٹرز اور تاجروں کی بڑی تعداد کی شرکت، کامیابی کے عزم کا اظہار جہلم جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے آئندہ انتخابات کے سلسلے میں یونائیٹڈ الائنس نے شاندار پاور شو کا انعقاد کیا جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

گوجر خان میں پانی کی قلت، اسٹریٹ لائٹس بھی خراب

رات کے وقت آمدورفت میں مشکلات اور جرائم کے خدشات بڑھ گئے

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان شہر کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی فراہمی متاثر ہونے اور متعدد گلی محلوں میں اسٹریٹ لائٹس خراب ہونے سے شہری مشکلات کا شکار ہیں۔ شہری حلقوں کے مطابق واٹر سپلائی کے مسئلے سے متعلق بلدیہ حکام کو متعدد بار آگاہ کیا گیا، تاہم صورتحال میں خاطر خواہ بہتری نہیں آسکی۔ مختلف علاقوں میں ٹیوب ویلز اور موٹروں کی خرابی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

عید میلاد النبیؐ پر ریسکیو مری ہائی الرٹ، ریسکیو ٹیمیں اہم مقامات پر تعینات

کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امداد یقینی بنائیں گی، عوام کی سہولت اور حفاظت کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں

ایمبولینسز، فائر و ریسکیو گاڑیاں اور دیگر ضروری وسائل تیار رکھے جائیں گے، شہری کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں رابطہ کریں، حکام

مری (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر (ستارۂ امتیاز) کی ہدایت پر عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ریسکیو 1122 مری کا عملہ ضلع بھر میں ہائی الرٹ رہے گا، ریسکیو ٹیمیں اہم مقامات پر تعینات رہتے ہوئے کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری امداد یقینی بنائیں گی۔ ریسکیو 1122 کی جانب سے عوام کی سہولت اور حفاظت کے لیے خصوصی انتظامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سعودی بندرگاہ ینبع کے قریب آئل ٹینکر پر میزائل حملہ، آگ بھڑک اٹھی

نامعلوم میزائل نے ٹینکر کو نشانہ بنایا، عملہ محفوظ، ماحولیاتی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب کی اہم بندرگاہ ینبع کے مغرب میں ایک آئل ٹینکر نامعلوم میزائل کی زد میں آ گیا، جس کے نتیجے میں جہاز کے عرشے پر آگ بھڑک اٹھی، تاہم عملے کے تمام ارکان محفوظ رہے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) کے مطابق آئل ٹینکر کو ینبع سے مغرب میں سمندر میں نامعلوم میزائل سے نشانہ بنایا گیا۔ حملے کے بعد جہاز کے عرشے پر آگ لگ گئی، تاہم صورتحال پر قابو پانے کے لیے فوری کارروائی کی گئی۔ یو کے ایم ٹی او (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

میر رضا کی فیملی جوڈیشل کمیشن کے قیام کیخلاف سندھ ہائیکورٹ پہنچ گئی

کراچی (آئی این پی) میر رضا قتل کیس میں عدالت نے پولیس کو رپورٹ جمع کرانے کیلئے 7 ستمبر تک مہلت دے دی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں میر رضا قتل کیس کی سماعت ہوئی، تفتیشی افسر سراج لاشاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اسرائیل کو عام انتخابات پر سوشل میڈیا کے اثر انداز ہونیکا خدشہ

جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے عوامی رائے عامہ کو متاثر کیا جاسکتا، اسرائیلی میڈیا

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیل میں مخالفین کی جانب سے عام انتخابات پر سوشل میڈیا کے ذریعے اثر انداز ہونے کے خدشات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا رپورٹس کے مطابق جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے عوامی رائے عامہ کو متاثر کیا جاسکتا ہے۔